روزے اور زکوۃ کے
ایک سو شرعی مسائل
مصنف
ابوالبنات
فراز عطاری مدنی
نظرثانی
ابواحمد
مفتی انس رضا قادری مدنی

الحمد للہ اب تک 45 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔

رسالوں کے نام یہ ہیں:

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)

(2) والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)

(3) دافع البلاء (الامن و العلی)

(4) نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)

(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)

(6) نور مصطفی (صلات الصفا)

(7) سایہ نہیں کوئی (نفی الفیئ)

(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں:

(9) خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)

(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)

(11) اعلی حضرت اور فن شاعری

(12) غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر

(13) جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام

(14) درس سیرت

(15) پیارے نبی کے پیارے نام

(16) الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ(نبوی دعائیں)

(17) قواعد المیراث

(18) شان صدیق اکبر

(19) خلافت فاروق اعظم

(20) فیضان عثمان غنی

(21) سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22) قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23) واقعہ کربلا(مختصر)

(24) عدت اور سوگ کے احکام

(25) رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26) امیر اہلسنت اور فن شاعری

(27) 100 احادیث کا مجموعہ

(28) نماز مسافر کے احکام(سوالا جوابا)

(29) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 1)

(30) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 2)

(31) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 3)

(32) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 4)

(33) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 5)

(34) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 6)

(35) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 7)

(36) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 8)

(37) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 9)

(38) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 10)

(39) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 11)

(40) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 12)

(41) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 13)

(42) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 14)

(43) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 15)

(44) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 16)

(45) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ(حصہ 17)

فہرست

روزہ

17)۔۔روزے میں حیض آجائے

18)۔۔روزے میں نسوار

19)۔۔شوہر نے روزہ نہ رکھا ہو تو اسے کھانا دینا

20)۔۔سگریٹ کا دھواں اندر جانے سے روزہ

21)۔۔روزے میں سرمہ

22)۔۔روزے میں ناک میں دوا ڈالنا

23)۔۔روزے میں سر میں تیل ڈالنا

24)۔۔نابالغ نے روزہ توڑا تو قضا

25)۔۔روزے میں ہئیر کلر لگانا

26)۔۔روزے میں بھاپ

27)۔۔خود پر غسل فرض کرنے سے روزہ

28)۔۔روزے میں استنجا

29)۔۔روزے میں منہ میں دوا لگانا

30)۔۔روزے میں مسواک

31)۔۔روزے میں زخم

32)۔۔دودھ پلانے والی عورت پر روزہ

33)۔۔حضور ﷺ نے اپنی حیات میں کتنی بار روزے رکھے

34)۔۔عید الفطر کا روزہ

35)۔۔اعتکاف میں روزہ چھوڑ دیا

36)۔۔روزے کی نیت میں شک

37)۔۔روزے میں ناک میں پانی چڑھایا تو دماغ میں پہنچ گیا

38)۔۔ایک ملک میں چاند نظر آیا تو روزہ

39)۔۔شوال کے روزے کب سے رکھیں

40)۔۔روزے میں ہمبستری

41)۔۔روزے میں IV CHEMOTHERAPY کروانا

زکوۃ

42)۔۔قرض دی ہوئی رقم پر زکٰوۃ

43)۔۔شوہر کو زکوۃ

44)۔۔ایک تولہ سونا اور کچھ پیسے پر زکٰوۃ

45)۔۔ایک شرعی فقیر کو کتنی زکوۃ دے سکتے ہیں

46)۔۔گھر میں موجود مرغیوں اور بکریوں پر زکوۃ

47)۔۔سیلاب زدگان کی مدد زکوۃ کی رقم سے

48)۔۔بہو کو زکوۃ دینا

49)۔۔پلاٹ کی فائل پر زکوۃ

50)۔۔ساس کو زکوۃ دینا

51)۔۔شوہر کو زکوۃ کا وکیل بنانا

52)۔۔غلط فہمی میں زیادہ زکوۃ دے دی

53)۔۔غیر مستحق کو زکوۃ دے دی

54)۔۔کمیٹی جمع کروانے والے کو زکوۃ دینا

55)۔۔ہیرے پر زکوۃ

56)۔۔نابالغ کو زکوۃ

روزہ

فتوی نمبر:1444

1

مشت زنی سے روزہ

سوال: کیا مشت زنی کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

USER ID:شہوار اسرار

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

مشت زنی ناجائز و گناہ ہے، اگر کسی نے حالت روزہ میں یہ فعل کیا اور منی خارج ہوگئی تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اس پر توبہ اور اس روزہ کی قضا لازم ہوگی۔ الاختیار میں ہے:"ولو استمنى بكفه افطر"ترجمہ: اور اگر کسی نے مشت زنی کی تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔
(الاختیار، جلد1، صفحہ 171)

فتاوی رضویہ میں ہے:"جلق سے روزہ نہیں ٹوٹتا جب تک اس سے انزال نہ ہو۔"
(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 596)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبـــــــــــــــــــــــــہ
ابوالبنات فراز عطاری مدنی
16 ربیع الآخر 1445ھ 01 نومبر 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

2

روزے میں مرہم لگانا

سوال: جسم میں درد ہو تو روزے کی حالت میں بام یا آئیوڈیکس لگا سکتے ہیں؟

User ID:زوہان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے کی حالت میں بام یا دوسرے مرہم لگانے میں حرج نہیں اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ جو چیز مسام (pore) کے ذریعے جسم میں جائے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا اگرچہ جسم میں حرارت یا ٹھنڈک محسوس ہو۔ شرح نقایہ میں ہے: **لو وصل الی جوفہ من المسام لا یقصو** ترجمہ: دوا یا غذا اگر مسامات کے ذریعے پہنچے تو روزہ نہیں توٹے گا۔

(شرح النقایہ للملا علی قاری، جلد1، کتاب الصوم، صفحہ571، دار ارقم)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3رمضان 1443ھ/5 اپریل 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

3

مخصوص ایام میں روزہ

سوال: کیا عورت حالت حیض میں روزہ رکھ سکتی ہے؟

User ID: الیاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حیض و نفاس کی حالت میں عورت کو روزہ رکھنا حرام ہے، رمضان کے بعد ان روزوں کی قضا کرے گی۔ ترمذی میں ہے: عن عائشہ قالت کنا نحیض علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم نطھر فیامرنا بقضاء الصیام۔۔۔ لا نعلم بینھم اختلافا ان الحائض تقضی الصیام ترجمہ: بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے، فرماتی ہیں ہم حضور ﷺ کے زمانے میں حالت حیض میں ہوتیں پھر پاک ہونے پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں رمضان کے روزے قضا کرنے کا حکم ارشاد فرماتے۔۔۔ ہم اس معاملے میں اہل علم کے درمیان کوئی اختلاف نہیں جانتے کہ حائضہ رمضان کے روزے قضا کرے گی۔ (ترمذی، ابواب الصیام)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ــــــــــــــــــــــــ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

3 رمضان 1443ھ/5 اپریل 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

4

حاملہ کو خون آئے تو روزہ

سوال: اگر حمل میں تھوڑا خون آجائے تو کیا روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

User ID: زم زم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دوران حمل نکلنے والا خون حیض نہیں بلکہ استحاضہ (بیماری) کی وجہ سے ہوتا ہے اور استحاضہ کی وجہ سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ حمل ساقط ہونے کی وجہ سے خون آئے تو اس کا حکم الگ ہوگا۔ تاتارخانیہ میں ہے: والدم الذی تراہ الحامل ابتداء او فی حال ولادتھا قبل خروج الولد استحاضۃ

ترجمہ: جو خون حاملہ دوران حمل یا ولادت کے وقت بچے کے باہر آنے سے پہلے دیکھتی ہے استحاضہ ہے۔

(الفتاوی التاتارخانیہ، جلد 1، صفحہ 541)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

05 جمادی الاول 1443/30 نومبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

5

حیض میں نماز معاف اور روزہ کی قضا

سوال: حیض میں نماز روزہ دونوں معاف ہیں یا صرف نماز اگر صرف نماز ہے تو وجہ بھی بتائیں؟

User ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ایام حیض ونفاس میں عورتوں کو نماز معاف ہے البتہ روزوں کی قضا کرنی ہوگی، اس کی پہلی وجہ تو یہ ہے کہ یہ شریعت کا حکم ہے لہذا سر آنکھوں پر ہونا چاہیے اور حکمت اس کی یہ ہے کہ روزے سال میں ایک بار فرض ہوتے ہیں اور ان بھی چند دن ایام مخصوصہ کے ہوتے ہیں تو اس کی قضا میں مشقت نہیں لیکن نماز ہر مہینے ہی رہ جاتی ہیں اگر ان کی قضا کا حکم ہوتا تو اس میں دشواری ہوتی لہذا آسانی کرتے ہوئے شریعت نے نمازوں کی قضا کا حکم نہیں دیا۔

(ماخوذا: مسلم، حدیث، 265، مر آۃ المناجیح، جلد3، صفحہ176)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 جمادی الاول 1444/19 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتویٰ کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

6 صرف جمعہ کا روزہ

سوال: کیا صرف جمعہ کا روزہ رکھ سکتے ہیں؟

User ID: محمد عدنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صرف جمعہ کا روزہ رخصوصیت کے ساتھ رکھنا ناپسندیدہ ہے، بہتر یہ ہے کہ جمعہ سے پہلے یا بعد میں بھی ایک روزہ رکھا جائے لیکن کسی نے صرف جمعہ کا روزہ رکھا تو کوئی گناہ نہیں بلکہ جمعہ کو کوئی خاص دن مثلا 27 رجب یا 15 شعبان وغیرہ ہو یا کوئی خاص تاریخوں میں روزہ رکھنے کا عادہ ہو اور جمعہ آجائے تو اس کے لئے جمعہ کا روزہ رکھنے میں کوئی کراہت نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: جمعہ کا روزہ خاص اس نیت سے کہ آج جمعہ ہے اس کا روزہ بالتخصیص چاہئے مکروہ ہے مگر نہ وہ کراہت کہ توڑنا لازم ہُوا، اور اگر خاص بہ نیتِ تخصیص نہ تھی تو اصلاً کراہت بھی نہیں۔ (فتاوی رضویہ، ج10، ص128)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

15 جمادی الاول 1443/10 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

7 روزے میں انٹرنل چیک اپ

سوال: روزے میں عورت کا انٹرنل چیک اپ ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا؟

User ID: طالب مدینہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلا عذر شرعی عورت کو انٹرنل چیک اپ کروانا جائز نہیں۔ بہر حال اگر کسی نے روزے میں انٹرنل چیک اپ کروایا تو اگر کوئی آلہ پورا اندر داخل کیا گیا کہ دوسرا حصہ باہر نہ رہا یا پھر ایک حصہ اندر داخل کیا مگر اس میں کوئی دوا وغیرہ تھی اور وہ اندر پہنچی تو روزہ ٹوٹ گیا اور اگر آلہ کا ایک حصہ باہر رہا اور وہ تر بھی نہیں تھا تو روزہ نہ ٹوٹا۔ بہار شریعت میں ہے: "کوئی چیز پاخانہ کے مقام میں رکھی، اگر اس کا دوسرا سرا باہر رہا تو نہیں ٹوٹا، ورنہ جاتا رہا لیکن اگر وہ تر ہے اور اس کی رطوبت اندر پہنچی تو مطلقاً جاتا رہا، یہی حکم شرم گاہ زن کا ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 986)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 رجب المرجب 1443ھ / 26 جنوری 2023ء

مفتی ... قادری صاحب
فقہی مسائل گروپ

8 روزے میں بیوی کا بوسہ

سوال: روزے میں بیوی کے ساتھ بوس و کنار کرنا کیسا؟

User ID: شہباز

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں بیوی کے ساتھ بوس و کنار کرنا مکروہ ہے جبکہ انزال ہونے یا جماع میں پڑنے کا اندیشہ ہو اور اگر ایسا خوف نہیں تو کوئی حرج نہیں البتہ بوس و کنار کی وجہ سے انزال (منی کا خروج) ہو گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا، توبہ اور اس روزے کی قضا کرنا ہو گی البتہ کفارہ نہیں۔ ھندیہ میں ہے: "ولا باس بالقبلہ اذا امن علی نفسہ من الجماع والانزال، ویکرہ ان لم یامن، والمس فی جمیع ذالک کالقبلۃ" ترجمہ: بیوی کا بوسہ لینے میں حرج نہیں جبکہ جماع اور انزال میں پڑنے کا خوف نہ ہو، اور اگر خوف ہو تو مکروہ ہے، اور چھونے کے احکام ان تمام صورتوں میں بوسہ والے ہیں۔

(ھندیہ، جلد 1، کتاب الصوم، باب فیما یکرہ للصائم ومالا یکرہ، صفحہ 220، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ / 19 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

9 بغیر سحری کے نفلی روزہ

سوال: کیا بغیر سحری کے نفلی روزہ رکھ سکتے ہیں؟

User ID: ملک سعید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزہ چاہے فرض ہو یا نفل اس کے لئے سحری شرط نہیں بلکہ بغیر سحری بھی روزہ رکھا تو درست ہے البتہ سحری کرنا عظیم سنت ہے البتہ سحری کی سنت پر عمل کرنے کے لئے ڈٹ کر کھانا ضروری نہیں چند لقمے یا پانی کے گھونٹ بلکہ صرف کھجور کھا لینے سے بھی یہ سنت ادا ہو جائے گی۔ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ لکھتے ہیں: ”سحری روزے کے لئے شرط نہیں، سحری کے بغیر بھی روزہ ہو سکتا ہے مگر جان بوجھ کر سحری نہ کرنا مناسب نہیں کہ ایک عظیم سنت سے محرومی ہے، اور سحری میں خوب ڈٹ کر کھانا ہی ضروری نہیں، چند کھجوریں اور پانی ہی اگر بہ نیت سحری استعمال کرلیں جب بھی کافی ہے۔

(فیضان رمضان، صفحہ 108)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلیٰ اٰلک واصحابک یاحبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

10 روزانہ سفر کرنے والے پر روزہ

سوال: میں روزانہ 100 کلومیٹر دور جاب پر جاتا ہوں میرے لئے روزے کا کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پہلی بات یہ یاد رکھیں کہ اگر آپ کی جاب کا مقام شہر کی آبادی سے باہر ہونے کے بعد 100 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے تو آپ پر شرعی مسافر کے احکام جاری ہوں گے۔ دوسری بات یہ کہ اگر آپ شرعی مسافر بنتے بھی ہیں تو اگر صبح صادق سے پہلے شہر کی آبادی سے باہر ہو جاتے ہیں تو اس دن کا روزہ قضا کرنے کی رخصت ہے یعنی اس وقت نہ رکھیں بعد میں رکھنا فرض ہے، اور اگر صبح صادق کے وقت شہر ہی میں ہیں تو اس دن کا روزہ قضا نہیں کر سکتے۔ درمختار میں ہے: "لمسافر سفرا شرعیا" ترجمہ: (روزہ چھوڑنے کی رخصت) شرعی سفر کرنے والے کے لئے ہے۔ (درمختار مع شامی، جلد3، صفحہ 463)

شامی میں ہے: "فلو سافر بعد الفجر لایحل الفطر" ترجمہ: اگر صبح صادق کے بعد سفر کیا تو روزہ چھوڑنا حلال نہیں۔ (شامی، جلد3، صفحہ 479، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 شعبان المعظم 1444ھ / 01 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

11

روزے میں انہیلر

سوال: کیا روزے میں انہیلر (inhaler) کا استعمال کرنا کیسا؟

USER ID: لیاقت علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے میں انہیلر کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ اس میں دوا کے اجزا ہوتے ہیں جو حلق کے ذریعے سے جسم میں داخل ہو جاتے ہیں۔ فتاوی مرکز تربیت افتاء میں ہے: "اور اس (انہیلر) کی وجہ سے روزہ فاسد ہو جائے گا۔

(فتاوی مرکز تربیت افتاء، جلد 1، صفحہ 473)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 شعبان المعظم 1444ھ / 27 فروری 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی الک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

12 روزے میں بلڈ (خون) ٹیسٹ

سوال: روزے میں ٹیسٹ کے لئے بلڈ کا سیمپل دینے سے یا کسی کو بلڈ ڈونیٹ کرنے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

USER ID:محمد ارسلان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں ٹیسٹ کے لئے خون نکلوانے یا کسی کو خون دینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ کمزوری ہوتی ہو تو بچنا چاہیے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "فصد سے روزہ نہ جائے گا ہاں ضعف کے خیال سے بچے تو مناسب۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 493)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شعبان المعظم 1444ھ / 21 مارچ 2023ء

وعلیٰ الک واصحابک یاحبیب اللہ

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

13

روزے میں انجکشن

سوال: روزے میں انجکشن لگوانا کیسا؟

USER ID: محمد عبد اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

روزے کی حالت میں انجکشن لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا چاہے گوشت میں (inter muscular) لگے یا نس میں (intravenous) لگے اسی طرح ڈرپ لگوانے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ انجکشن اور ڈرپ میں جو دوا یا غذا ہوتی ہے وہ مسامات کے ذریعے اندر جاتی ہے منفذ (route) کے ذریعے دماغ اور معدہ تک نہیں پہنچتی اور فقہ حنفی کا قاعدہ ہے کہ جسم کے اندر دوا یا غذا جانے سے روزہ اس وقت ٹوٹے گا جب یہ دماغ یا معدہ تک منفذ کے ذریعے پہنچے جیسا کہ تیل لگانے یا نہانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کہ تیل اور پانی جسم کے اندر جاتا ہے مگر چونکہ یہ بھی مسامات کے ذریعے جاتا ہے اس لئے روزہ نہیں ٹوٹتا، اسی طرح انجکشن سانپ کے کاٹنے کی طرح ہے کہ جس طرح اس کے کاٹنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اسی طرح انجکشن لگنے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

(ماخوذ از: فتاوی مفتی اعظم ہند، کتاب الصوم، جلد 3، صفحہ 302، شبیر برادرز)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم 1444ھ / 22 مارچ 2023ء

فقہی مسائل گروپ

14 حاملہ کو روزہ چھوڑنے کی رخصت

سوال: ایک عورت کو ایک ماہ کا حمل ہے اور عورت بہت کمزور ہے کیا اس کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟

USER ID: ام عبد الغنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حاملہ کو اگر اپنی یا بچے کی جان کو نقصان پہنچنے یا بیمار ہو جانے یا سخت مشقت میں پڑ جانے کا گمان غالب ہو تو اس کو اس وقت روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے، لیکن بعد میں اس کو ان روزوں کی قضا کرنی ہو گی، اور اگر ایسی کیفیت نہیں تو روزہ چھوڑنا جائز نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "حاملہ کو بھی مثلِ مرضعہ روزہ نہ رکھنے کی اجازت اسی صورت میں ہے کہ اپنے یا بچے کے ضرر کا اندیشہ غلبہ ظن کے ساتھ ہو نہ کہ مطلقا۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 597)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم1444 ھ /22مارچ 2023ء

15

روزے میں منہ سے خون

سوال: روزے کی حالت میں منہ سے خون نکلے تو روزے پر کیا اثر پڑے گا؟

USER ID: قاری محمد شوکت سلطانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

خون اگر حلق سے نیچے اترا اور وہ تھوک سے زیادہ یا برابر تھا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر خون تھوک کے برابر تھا مگر ذائقہ حلق میں محسوس ہوا تو بھی روزہ ٹوٹ جائے گا اور اگر خون تھوک سے کم تھا اور ذائقہ محسوس نہ ہوا تو روزہ نہیں ٹوتے گا۔ در مختار میں ہے: "اما اذا وصل فان غلب الدم او تساویا فسد، والا لا، الا اذا وجد طعمہ" ترجمہ: بہر حال اگر دانتوں سے خون نکلا اور حلق سے نیچے اترا تو اگر خون تھوک سے زیادہ یا برابر ہے تو روزہ ٹوٹ گیا اور اگر تھوک سے کم ہے تو روزہ نہ گیا مگر یہ کہ کم ہونے کی صورت میں حلق میں ذائقہ محسوس ہوا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

(در مختار، جلد 3، صفحہ 422، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

03 رمضان المبارک 1444ھ / 25 مارچ 2023ء

16 روزے کا کفارہ

سوال: روزے کا کفارہ کیا ہے؟

USER ID: راحت علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر کفارہ کی شرائط پائی جائیں تو روزے کے کفارے میں یا تو ایک غلام آزاد کیا جائے، آج کل غلاموں کا دور نہیں لہذا اساٹھ روزے پے در پے یعنی بغیر کسی وقفے کے رکھنے ہوں گے اور جو روزہ توڑا وہ قضا کرنا ہو گا، اگر کوئی شخص ساٹھ روزے رکھنے پر قادر نہیں تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کا کھانا کھلا دے یا اس کی رقم دے دے یا ساٹھ مسکینوں کو ایک صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کا آٹا یا اس کی قیمت دے دے۔ (ماخوذا: فیضان رمضان۔ صفحہ 152)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک 1444 ھ / 26 مارچ 2023ء

17 روزے میں حیض آجائے

سوال: اگر روزے میں عورت کو حیض آجائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا اور کیا وہ کھا پی سکتی ہے اور قضا کرنا ہو گا؟

USER ID:محمد احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں اگر عورت کو حیض آجائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اب وہ کھا پی سکتی ہے اور اس روزے کی بعد میں قضا فرض ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "عورت کو جب حیض و نفاس آگیا تو روزہ جاتا رہا۔۔۔ حیض و نفاس والی کے لیے اختیار ہے کہ چھپ کر کھائے یا ظاہراً، روزہ کی طرح رہنا اس پر ضروری نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1004)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

18

روزہ میں نسوار

سوال: روزے میں نسوار لگانا کیسا؟

USER ID: مسروت خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے میں نسوار لگانا جائز نہیں اگر لگائی تو روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ اس کے اجزا اتنے باریک ہوتے ہیں جو بغیر قصد کے حلق کے نیچے اتر جاتے ہیں، ایسے روزے کی قضا کرنی ہو گی اور شرائط پائی گئیں تو کفارہ بھی لازم آئے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "نسوار تو بہت باریک چیز ہے جب اوپر کو سُونگی جائے گی ضرور دماغ کو پہنچے گی اور ان طلب والوں کے مقاصد تبھی یونہی بر آئیں گے اور فقہیات میں ایسا مظنون مثل متیقن ہے، یہ سب شیطانی وسوسے ہیں، ان چیزوں کے استعمال سے جو روزہ جائے اس کی فقط قضا نہیں بلکہ کفارہ بھی ضرور ہو گا کہ ان میں صلاح بدن و قضائے شہوت ہے اور اگر بالفرض ان میں احتیاط یقینی کی صورت متصور بھی ہوتی جب بھی ممانعت میں شک نہ تھا۔" (فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 492)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ/29 مارچ 2023ء

19

شوہر نے روزہ نہ رکھا ہو تو اسے کھانا دینا

سوال: اگر شوہر نے روزہ نہ رکھا ہو تو اسے کھانا دینا کیسا؟

USER ID: علی اختر مصری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر شوہر نے کسی ایسے عذر کے سبب روزہ نہ رکھا ہو جس میں شریعت نے اسے اجازت دی ہو اور اس کا روزے داروں کی طرح رہنا واجب نہ ہو تو اسے کھانا وغیرہ دینا جائز ہے لیکن اگر شرع کی طرف سے رخصت نہ ہونے کے باوجود روزہ چھوڑا یا ایسی صورت پائی گئی جس میں روزے داروں کی طرح رہنا اس پر واجب ہو تو پھر اس کو کھانا وغیرہ نہیں دے سکتی کیونکہ یہ ناجائز کام میں معاونت ہے البتہ شوہر کی طرف سے فتنے یا ظلم کا گمان غالب ہو تو دل میں برا جانتے ہوئے دے دے۔ اللہ پاک فرماتا ہے: ” وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ ؕ“ ترجمہ: گناہ اور زیادتی کے کاموں میں ایک دوسرے کا تعاون نہ کرو۔ (المائدہ:2)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

20 سگریٹ کا دھواں اندر جانے سے روزہ

سوال: اگر کوئی شخص قریب میں سگریٹ پی رہا ہے اور اس کا دھواں اندر جائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

USER ID:حافظ احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کوئی اور سگریٹ پی رہا ہو اور اس کا دھواں اندر گیا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا البتہ سگریٹ پینے سے یا جان کر دھواں اندر کھینچنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "مکھی یا دھواں یا غبار حلق میں جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

21 روزے میں سرمہ

سوال: روزے میں سرمہ لگانا کیسا؟

USER ID: محمد خالد اعجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

روزے میں سرمہ لگانا جائز ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ روزہ میں سرمہ لگانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو اس کی اجازت بھی عطا فرمائی۔ حدیث پاک میں ہے: "عن انس بن مالك انه كان يكتحل وهو صائم" ترجمہ: انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم روزے میں سرمہ لگایا کرتے تھے۔ (ابو داؤد، حدیث 2378)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

22

روزے میں ناک میں دواڈالنا

سوال: ناک میں دواڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

USER ID:محمد ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا کیونکہ ناک میں ایسا منفذ(route) ہے جو دواوغیرہ کو براہ راست معدہ میں لے جاتا ہے اور منفذ کے ذریعے کسی چیز کے معدے میں جانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔بہار شریعت میں جہاں روزہ ٹوٹنے سے قضا لازم ہونے کا بیان ہے اس میں ہے:"ناک سے دواچڑھائی" (بہارشریعت، جلد1، صفحہ989)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبــہ
ابوالبنات فرازعطاری مدنی
07رمضان المبارک1444ھ/29مارچ 2023ء

23 روزے میں سر میں تیل ڈالنا

سوال: روزے میں سر میں تیل ڈالنا کیسا؟

USER ID: محمد خالد اعجاز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں سر میں تیل ڈالنا جائز ہے کیونکہ مسام کے ذریعے سے اگر کوئی چیز بدن میں جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ بہار شریعت میں ہے: "تیل یا سرمہ لگایا تو روزہ نہ گیا اگرچہ تیل یا سرمہ کا مزہ حلق میں محسوس ہوتا ہو۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

24 نابالغ نے روزہ توڑا تو قضا

سوال: اگر 6 سال کے بچے نے روزہ توڑا تو کیا قضا کرے گا؟

USER ID: علی محمد لوہانوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

نابالغ نے اگر روزہ توڑا تو اس کو قضا یا کفارے کا حکم نہیں دیا جائے گا۔ شامی میں ہے: "الصبی اذا افسد صومہ کا یقضی" ترجمہ: نابالغ نے اگر روزہ توڑ دیا تو قضا کا حکم نہیں۔

(شامی، جلد 3، صفحہ 442)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

07 رمضان المبارک 1444ھ / 29 مارچ 2023ء

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

25 روزے میں ہیئر کلر لگانا

سوال: روزے میں ہیئر کلر لگانا کیسا؟

USER ID: گلفام اسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے کی حالت میں ہیئر کلر لگانا جائز ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ یاد رہے کالا یا ڈارک براؤن کلر لگانا جائز نہیں چاہے روزہ ہو یا نہ ہو۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

26 روزے میں بھاپ

سوال: روزے میں بھاپ لینا کیسا؟

USER ID: حامد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے میں بھاپ / اسٹیم لینے کی اجازت نہیں، اگر کسی نے لی تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: " اگر خود قصداً دھواں پہنچایا تو فاسد ہو گیا جبکہ روزہ دار ہونا یاد ہو، خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی طرح پہنچایا ہو۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 982)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی
08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

27

خود پر غسل فرض کرنے سے روزہ

سوال: اگر خود پر غسل کسی نے فرض کر لیا تو روزے کا کیا حکم ہے؟

USER ID: سعدان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

خود پر غسل فرض کر لینا ناجائز و گناہ ہے اور روزے کی حالت میں زیادہ سخت گناہ ہے، اگر کسی نے روزے میں ایسا فعل کیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس روزے کی قضا لازم ہو گی۔ ھندیہ میں ہے: "الصائم اذا عالج ذکرہ حتی امنی فعلیہ القضاء وھو المختار" ترجمہ: روزہ دار نے مشت زنی کی یہاں تک کہ منی نکل آئی تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس پر قضا لازم ہے یہی مختار ہے۔ (ھندیہ، جلد 1، صفحہ 205)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

28 روزے میں استنجا

سوال: کیا روزے میں استنجا کرتے وقت احتیاط کرنی چاہیے؟

USER ID: غلام جیلانی قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بعض لوگ اس مسئلہ سے غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں مگر تفصیل اس کی یہ ہے کہ روزہ دار کے لئے بہتر یہی ہے کہ استنجا کرتے وقت اوپر کو سانس قوت سے نہ کھینچے مگر صرف زور سے سانس لینے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا نہ مطلقا پانی چڑھنے سے ٹوٹے گا بلکہ روزہ اس صورت میں ٹوٹے گا جب پانی موضع حقنہ تک پہنچے اور جب ایسا ہو گا تو شدید درد ہو گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”روزہ دار کو یہ بہتر تو ہے کہ استنجا کرنے میں اوپر سانس بقوت نہ لے مگر اس قدر سے روزہ نہ جائے گا، نہ مطلقاً پانی چڑھنے سے جب تک پانی موضع حقنہ تک نہ پہنچے، اور ایسا ہو گا تو درد شدید پیدا ہو گا۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 680)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

29 روزے میں منہ میں دوا لگانا

سوال: اگر منہ میں چھالے ہوں تو روزے میں دوا لگا سکتے ہیں؟

USER ID: ولی محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے کی حالت میں منہ میں دوا یا مرہم لگانا جائز نہیں اگر دوا کے ذرات اگر حلق سے نیچے اتر گئے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "شکر وغیرہ ایسی چیزیں جو مونھ میں رکھنے سے گھل جاتی ہیں، مونھ میں رکھی اور تھوک نگل گیا روزہ جاتا رہا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ986)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک1444ھ /02اپریل 2023ء

30

روزے میں مسواک

سوال: روزے میں مسواک کرنا کیسا؟

USER ID:عبدالکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزہ کی حالت میں بھی مسواک کرنا عام دنوں ہی کی طرح سنت ہے اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا چاہے زوال سے پہلے کی جائے یا بعد میں خشک ہو یا تر اگرچہ پانی سے تر کی ہوئی ہو البتہ چبانے سے ریشے ٹوٹتے ہوں یا ذائقہ محسوس ہوتا ہو تو چبانے سے بچنا چاہیے۔ فتاوی قاضیخان میں ہے: "ولابأس بالسواك الرطب واليابس فى الغداة والعشى عندنا" ترجمہ: ہمارے نزدیک روزہ میں مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں چاہے مسواک خشک ہو یا تر خواہ صبح کی جائے یا شام میں۔ (فتاوی قاضی خان، جلد 1، کتاب الصوم، صفحہ 182، دار الکتب العلمیۃ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ /02 اپریل 2023ء

31

روزے میں زخم

سوال: روزے میں چوٹ لگی اور خون نکلا تو روزہ رہا یا ٹوٹ گیا؟

USER ID: نوید

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

روزے میں جسم سے خون نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے: ”الصوم مما دخل ولیس مما خرج“ ترجمہ: روزہ کسی چیز کے جسم میں داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے (جبکہ شرائط پائی جائیں) کسی چیز کے خارج ہونے سے نہیں ٹوٹتا۔ (بخاری، حدیث 1937)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

32

دودھ پلانے والی عورت پر روزہ

سوال: اگر کوئی عورت بچے کو دودھ پلاتی ہو تو کیا روزہ اس پر رکھنا ضروری ہے؟

USER ID: محمد سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق و الصواب

دودھ پلانے والی عورت کو اگر اپنی یا بچے کی جان کو نقصان پہنچنے یا بیمار ہو جانے یا سخت مشقت میں پڑ جائے کا گمان غالب ہو تو اس کو اس وقت روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے، لیکن بعد میں اس کو ان روزوں کی قضا کرنی ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "حاملہ کو بھی مثلِ مرضعہ روزہ نہ رکھنے کی اجازت اسی صورت میں ہے کہ اپنے یا بچے کے ضرر کا اندیشہ غلبہ ظن کے ساتھ ہو نہ کہ مطلقاً۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 597)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

33

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات میں کتنی بار روزے رکھے

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات میں کتنی مرتبہ روزوں کا اہتمام فرمایا؟

USER ID: وقاص تولی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

روزے شعبان 2 ہجری میں فرض ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف ربیع الاول 11 ہجری میں ہوا، اس اعتبار سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے 9 مرتبہ روزوں کا اہتمام فرمایا۔ سیرت مصطفی میں ہے: "اسی سال (2 ہجری میں) روزہ اور زکوۃ کی فرضیت کا احکام نازل ہوئے۔" (سیرت مصطفی، صفحہ 249)

اسی کتاب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات اقدس کو 11 ویں ہجری کے واقعات میں بیان کیا گیا ہے۔ (صفحہ 542)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

09 شوال المکرم 1444ھ 30 اپریل 2023ء

34

عید الفطر کا روزہ

سوال: عید الفطر پہلی شوال کا روزہ رکھنا کیسا؟

USER ID: ثاوب علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عید الفطر یعنی پہلی شوال کا روزہ مکروہ تحریمی ناجائز ہے کیونکہ یہ اللہ پاک کی طرف سے بندوں کی مہمانی کا دن ہے۔ حدیث پاک میں ہے: "لا صوم یومین یوم الفطر ویوم النحر" ترجمہ: عید الفطر اور عید الاضحی کے دن کوئی روزہ نہیں۔ (دارمی، حدیث 1794)

بہار شریعت میں ہے: "مکروہِ تحریمی جیسے عید اور ایام تشریق کے روزے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 967)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

35

اعتکاف میں روزہ چھوڑ دیا

سوال: اگر کسی عذر کی وجہ سے روزہ نہ رکھا تو اعتکاف کا کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد عالم نعیمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سنت اعتکاف کے لئے روزہ رکھنا شرط ہے، اگر روزہ نہ رکھا اگرچہ کسی عذر کے سبب تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور ایک دن رات کے اعتکاف کی قضا کرنی ہوگی۔ بہار شریعت میں ہے: "اعتکافِ سنت یعنی رمضان شریف کی پچھلی دس تاریخوں میں جو کیا جاتا ہے، اُس میں روزہ شرط ہے، لہٰذا اگر کسی مریض یا مسافر نے اعتکاف تو کیا مگر روزہ نہ رکھا تو سنت ادا نہ ہوئی بلکہ نفل ہوا۔"
(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1022)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک 1444ھ / 11 اپریل 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی الک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

36 روزے کی نیت میں شک

سوال: اگر کوئی فورس کا بندہ یوں نیت کرے کہ کل آپریشن نہ ہوا تو روزہ ہے ورنہ نہیں؟

USER ID: عطاء اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے میں نیت شرط ہے اور نیت دل کے پکے ارادے کو کہتے ہیں، اگر اس طرح نیت کی کہ کل کوئی آپریشن نہ ہوا تو روزہ ہے ورنہ نہیں تو یہ پختہ نیت نہیں، اس طرح روزہ نہیں ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "یوں نیّت کی کہ کل کہیں دعوت ہوئی تو روزہ نہیں اور نہ ہوئی تو روزہ ہے یہ نیّت صحیح نہیں، بہر حال وہ روزہ دار نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 968)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

37 روزے میں ناک میں پانی چڑھایا تو دماغ میں پہنچا

سوال: روزے کی حالت میں غسل کے دوران ناک میں پانی چڑھایا تو دماغ تک پہنچ گیا تو کیا حکم ہے؟

USER ID: علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

روزے کی حالت میں ناک میں پانی چڑھایا اور وہ دماغ تک پہنچ گیا تو اگر روزہ دار ہونا یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔ بہار شریعت میں ہے: "ناک میں پانی چڑھایا اور دماغ کر چڑھ گیا روزہ جاتا رہا، مگر جبکہ روزہ ہونا بھول گیا ہو تو نہ ٹوٹے گا اگرچہ قصداً ہو۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 987)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

38

ایک ملک میں چاند نظر آگیا تو روزہ

سوال: میں جس ملک میں ہوں وہاں عید کا چاند نظر آگیا ہے مگر میں رات میں پاکستان کے لئے روانہ ہو جاؤں گا اور وہاں کل روزہ ہے تو مجھے روزہ رکھنا ہو گا؟

USER ID:زاہد خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر سحری کا وقت ختم ہونے سے پہلے آپ ایسے مقام پر مقیم ہوگئے (یعنی آپ کا سفر شرعی ختم ہو گیا) جہاں رمضان ہے تو روزہ رکھنا ہو گا۔ اللہ پاک فرماتا ہے: " فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ "
ترجمہ: تو تم میں جو کوئی یہ مہینہ پائے ضرور اس کے روزے رکھے۔ (البقرہ: 185)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

39

شوال کے روزے کب سے رکھیں

سوال: شوال کے روزے یا قضا کب سے شروع کر سکتے ہیں؟

USER ID: حبیب بزدار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

سال میں 5 روزے رکھنے جائز نہیں، عید الفطر کا پہلا دن اور 10 ذوالحجہ سے 13 ذوالحجہ تک۔ لہذا شوال کی دوسری تاریخ سے روزے رکھے جا سکتے ہیں۔ بدائع الصنائع میں ہے: ”المکروہ ھو أن یصوم یوم الفطر، ویصوم بعدہ خمسۃ أیام، فأما إذا أفطر یوم العید ثم صام بعدہ ستۃ أیام: فلیس بمکروہ بل ھو مستحب وسنۃ“ ترجمہ: مکروہ یہ ہے کہ عید الفطر کے دن روزہ رکھے اور اس کے بعد پانچ دن روزہ رکھے، بہر حال جب عید کے دن روزہ نہ رکھا پھر اس کے بعد چھ روزے رکھے پس یہ مکروہ نہیں ہے بلکہ یہ مستحب و سنت ہے۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 78)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 رمضان المبارک 1444ھ 20 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

40

روزے میں ہمبستری

سوال: روزے میں شوہر نے بیوی سے ہمبستری کی تو کیا دونوں پر کفارہ لازم ہے؟

USER ID: محمد عبدل

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر روزے میں شوہر نے بیوی سے ہمبستری کی تو دونوں کا روزہ بھی ٹوٹ گیا اور دونوں پر کفارہ بھی لازم ہے، ہاں اگر شوہر نے مجبور (اکراہ شرعی) کیا یعنی جان سے مار ڈالنے یا عضو ضائع کر دینے یا سخت مار مارنے کی صحیح دھمکی دی اور بیوی نے مجبور ہو کر ساتھ دیا تو اس صورت میں بیوی پر کفارہ نہیں مگر ایسی صورت نادر ہوتی ہے، عموماً اکراہ شرعی نہیں ہوتا۔ بہار شریعت میں ہے: "مرد کو مجبور کر کے جماع کرایا یا عورت کو مرد نے مجبور کیا پھر اثنائے جماع میں اپنی خوشی سے مشغول رہا یا رہی تو کفّارہ لازم نہیں کہ روزہ تو پہلے ہی ٹوٹ چکا ہے۔ مجبوری سے مراد اکراہِ شرعی ہے، جس میں قتل یا عضو کاٹ ڈالنے یا ضربِ شدید کی صحیح دھمکی دی جائے اور روزہ دار بھی سمجھے کہ اگر میں اس کا کہنا مانوں گا تو جو کہتا ہے، کر گزرے گا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ992)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
08 شوال المکرم 1444ھ 29 اپریل 2023ء

الصلوٰۃ والسلام علیك یا رسول اللہ

فتوی نمبر: 1724

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

41

روزے میں IV CHEMOTHERAPY کروانا

سوال: روزے میں IV CHEMOTHERAPY کروانا کیسا؟ اس میں بازو، ہاتھ یا سینے کی نس کے ذریعے دوا ڈالی جاتی ہے اور ضرورت پڑنے پر ڈرپ بھی لگائی جاتی ہے۔

سائل: عفیفہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

روزے میں IV CHEMOTHERAPY کروانا جائز ہے کیونکہ اس طریقہ علاج میں نس کے ذریعے انجکشن لگوایا جاتا ہے اور روزے میں انجکشن لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کیونکہ انجکشن اور ڈرپ میں جو دوا یا غذا ہوتی ہے وہ مسامات کے ذریعے اندر جاتی ہے منفذ کے ذریعے دماغ اور معدہ تک نہیں پہنچتی اور قاعدہ ہے کہ جسم کے اندر دوا یا غذا جانے سے روزہ اس وقت ٹوٹے گا جب یہ دماغ یا معدہ تک منفذ کے ذریعے پہنچے جیسا کہ تیل لگانے یا نہانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا کہ تیل اور پانی جسم کے اندر جاتا ہے مگر چونکہ یہ بھی مسامات کے ذریعے جاتا ہے اس لئے روزہ نہیں ٹوٹتا، اسی طرح انجکشن سانپ کے کاٹنے کی طرح ہے کہ جس طرح اس کے کاٹنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اسی طرح انجکشن لگنے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ شرح نقایہ للملا علی قاری میں ہے: ”وصل من غير الفم دواء الى جوفه او دماغه بان داوى آمة وهى الشجة التى تبدغ ام الدماغ من غير المسام قيد به لانه لو وصل الى جوفه من المسام لا يقضى كما لو اغتسل بالماء البارد وجد برده فى كبده و كما لو ادهن فوجد اثر الدهن فى بوله او اكتحل فوجد طعم الكحل فى حلقه و لونه فى بزاقه“ ترجمہ: دوا اگر منہ کے علاوہ کسی اور راستے سے دماغ یا پیٹ میں گئی مثلاً آمہ یعنی سر کا وہ زخم جو دماغ کی جھلی تو گہرا ہو اس میں دوا ڈالی تو روزہ ٹوٹ گیا جب کہ یہ دوا مسامات کے ذریعے نہ گئی ہو، مسامات سے نہ جانے کی قید اس لئے لگائی ہے کہ اگر دوا یا غذا مسامات کے ذریعہ پہنچی تو روزہ نہیں ٹوٹے گا جیسے ٹھنڈے پانی سے غسل کیا اور پانی کی ٹھنڈک کلیجے میں محسوس کی یا تیل لگایا اور تیل کا اثر پیشاب میں پایا یا سرمہ لگایا اور سرمہ کا مزہ حلق میں یا رنگ تھوک میں پایا تو روزہ نہیں ٹوٹا۔ (شرح النقایۃ للملا علی قاری، جلد 1، صفحہ 571)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 رجب المرجب 1445ھ 29 جنوری 2024

زکوۃ

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

42

قرض دی ہوئی رقم پر زکوۃ

سوال: احمد نے زید کو بیس لاکھ روپے دئے اب کیا احمد ان بیس لاکھ کی زکوۃ دے گا؟

User ID: آصف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

احمد پر ان بیس لاکھ کی زکوۃ فرض ہے مگر ادائیگی فوراواجب نہیں بلکہ جب نصاب کا کم از کم خمس (پانچواں حصہ) اسے وصول ہو تو اس وصول شدہ کی ادائیگی فوراواجب ہو جائے گی مگر بہتر یہ ہے کہ بیس لاکھ کی زکوۃ ہر سال نکالتا رہے تاکہ ایک ساتھ سارے سالوں کی زکوۃ دینے میں آزمائش نہ ہو۔

وضاحت: اس مئلہ کی آسان وضاحت یہ ہے کہ بیس لاکھ کی زکوۃ باقی اموال کی زکوۃ کے ساتھ دینا ضروری نہیں بلکہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی جو قیمت مارکیٹ میں ہے اس کا پانچواں حصہ اس قرض میں سے جب وصول ہو تو اس کی زکوۃ فورا دے اسی طرح جب کم از کم اتنی ملتی رہے دیتا رہے۔ مثلا ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت اگر مارکیٹ میں 75000 ہے تو اس کا پانچواں حصہ ہوا 15000 تو جب اتنا یا اس سے زیادہ وصول ہو تو فورا جتنے سالوں کی زکوۃ باقی ہے وہ دے

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

5 شعبان 1443ھ/9 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

43

شوہر کو زکوۃ دینا

سوال: کیا بیوی اپنے شوہر کو زکوۃ دے سکتی ہے؟

USER ID:شاہ خالد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شوہر بیوی ایک دوسرے کو اپنی زکوۃ نہیں دے سکتے۔ فتاوی اہلسنت میں ہے:"بیوی اپنے شوہر کو زکوۃ نہیں دے سکتی اگر شوہر کو زکوۃ دی تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔"

(فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 435)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ/13 اپریل 2023ء

44

ایک تولہ سونا اور کچھ پیسے پر زکوۃ

سوال: ایک عورت کے پاس ایک تولہ سونا ہے اور ساتھ چند ہزار روپے ہیں تو کیا زکوۃ لازم ہو گی؟

User ID: امتیاز الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سونے کا اپنا نصاب اگرچہ ساڑھے سات تولہ ہے یعنی اگر کسی کے پاس صرف سونا ہے اور اموال زکوۃ میں سے کچھ نہیں تو اگر سونا ساڑھے سات تولہ سے کم ہو تو اس پر زکوۃ لازم نہیں ہوتی لیکن اگر یہ نصاب پورا نہ ہو مگر اموال زکوۃ میں سے کچھ بھی ہو تو اب دونوں کو ملا کر ان کی قیمت کو دیکھا جائے گا اگر یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر ہو جاتے ہیں تو اس پر زکوۃ لازم ہو گی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ صورت مسئولہ میں ایک تولہ سونے کے ساتھ ایک ہزار روپے بھی ملائے جائیں تو یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت سے زیادہ بنیں گے لہذا زکوۃ ہو گی جبکہ زکوۃ کی شرائط پائی جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو بنتین فراز عطاری مدنی

11 شعبان 1443ھ/15 مارچ 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دار الافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

Youtube: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Website: www.arqfacademy.com
Facebook Page: Al Raza Quran o Fiqh Academy
Facebook Group: Fiqhi Group فقہی گروپ
فون نمبر: 00923471992267

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

45 ایک شرعی فقیر کو کتنی زکوۃ دے سکتے ہیں

سوال: ایک شرعی فقیر کو زکوۃ دینی ہو تو کتنی دے سکتے ہیں؟

User ID: وسیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مستحب یہ ہے کہ ایک شخص کو اتنی زکوۃ دی جائے کہ اس دن اسے کسی سے مانگنے کی حاجت نہ رہے اور یہ اس شخص کی حالت کے اعتبار سے ہو گا یعنی جس کے اہل وعیال اور ضروری اخراجات زیادہ ہیں اس کے لئے مقدار زیادہ ہو گی اور کم والے کے لئے کم لیکن بلا ضرورت اتنی زکوۃ دینا کہ وہ خود صاحب نصاب ہو جائے یہ ناپسندیدہ ہے لیکن زکوۃ ادا ہو جائے گی اور کوئی ضرورت ہو مثلاً وہ مقروض ہے تو اتنا دینا کہ قرض نکال کر نصاب سے کم بچے تو اس میں کراہت نہیں۔

(ملخصا: عالمگیری 188/1، شامی 355/3، بہار شریعت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوبنتین فراز عطاری مدنی

2ذوالقعدہ 1443ھ/2جون 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

46 گھر میں موجود مرغیوں اور بکریوں پر زکوۃ

سوال: گھر میں اگر مرغیاں یا بکریاں اور گائیں ہو توان پر زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد بلال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر مرغیاں بیچنے کی نیت سے نہیں خریدیں تو ان پر زکوۃ نہیں، بکریاں اور گائیں اگر سائمہ ہوں یعنی سال کا اکثر حصہ باہر چرتی ہوں اور ان سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا یا فربہ کرنا ہو تو ان کے مخصوص نصاب پر شرائط کے ساتھ زکوۃ فرض ہو گی۔ (کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

5صفر المظفر 1443/ 2ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

47

سیلاب زدگان کی مدد زکوۃ کی رقم سے

سوال: سیلاب زدگان کی مدد زکوۃ کی رقم سے کی جائے تو پتا کیسے چلے کہ وہ مستحق ہیں؟

User ID: صلاح الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس کو زکوۃ دینی ہو اگر اس کے بارے میں گمان غالب ہو کہ یہ زکوۃ کا مستحق ہے تو اس کو زکوۃ دینا جائز ہے اور اگر گمان غالب نہ ہو تو اس کو زکوۃ نہ دی جائے، لہذا جب بھی کسی کی زکوۃ کی رقم سے مدد کریں چاہے سیلاب زدگان ہوں یا دیگر متاثرین تو دینے سے پہلے اس کے بارے میں ظن غالب کر لیں اس کا فائدہ یہ ہو گا کہ اگر وہ حقیقت میں مستحق نہ بھی ہوا تو ظن غالب کرنے کی وجہ سے زکوۃ ادا ہو جائے گی البتہ وہ غیر مسلم ہوا تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی اور اگر ظن غالب نہ کیا اور وہ مستحق نہ ہوا تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔ جب کسی تنظیم وغیرہ کو زکوۃ کی رقم دیں تو انہیں بتا دیں کہ یہ زکوۃ کی رقم ہے تاکہ وہ بھی اس کا خیال رکھیں۔

(ملخصا: فتاوی امجدیہ، 1/374، عالمگیری، کتاب الزکوۃ، 1/190)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 صفر المظفر 1443/10 ستمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

48

بہو کو زکوۃ دینا

سوال: کیا سسر اپنی بہو کو زکوۃ یا عشر دے سکتا ہے؟

User ID: مشتاق احمد تبسم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بہو مستحقہ زکوۃ ہو اور سیدہ یا ہاشمیہ نہ ہو تو اس کو زکوۃ یا عشر دینا جائز ہے۔ رد المحتار میں ہے: ویجوز دفعھا لزوجۃ ۔۔ ابنہ ترجمہ: اور اپنی بہو کو زکوۃ دینا جائز ہے۔

(شامی، ج3، ص344)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

03 جمادی الاول 1443/28 نومبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

49

پلاٹ کی فائل پر زکوۃ

سوال: میں نے پلاٹ کی فائل خریدی اور اس پر زکوۃ دیتا رہا اب پتا چلا کہ فائل خریدنا جائز نہیں تو زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ جگہ پلاٹ بیچنے والے کی ملک میں ابھی آئی ہی نہیں تو یہ خرید و فروخت شرعی اعتبار سے باطل ہوئی اور اگر وہ جگہ ملک میں تھی لیکن جو پلاٹ بیچا گیا وہ متعین نہیں تھا تو یہ خرید و فروخت فاسد ہوئی اور خرید و فروخت کی یہ دونوں ہی صورتیں ناجائز و حرام ہیں، بائع و مشتری دونوں کو چاہیے کہ اس سے توبہ کریں۔ بیع باطل کی صورت میں چونکہ فریقین کی مبیع (جو چیز بیچی گئی) اور ثمن (جس کے عوض بیچی گئی) پر ملکیت ثابت نہیں ہوتی اور مبیع و ثمن دونوں کے پاس امانت ہوتی ہے لہذا دونوں پر لازم ہے کہ ایک دوسرے کو ان کی امانتیں واپس کردیں۔ بیع باطل کی صورت میں زکوۃ کا حکم یہ ہے کہ ثمن (وہ رقم جس کے بدلے فائل خریدی) پر مشتری ہی کی ملکیت تھی لہذا اس پر شرائط کے ساتھ زکوۃ فرض تھی اور جب اس کی زکوۃ دی تو ادا ہوگئی۔ بیع فاسد کا حکم یہ ہے کہ بائع و مشتری پر لازم ہے کہ اس بیع کو فسخ کردیں کیونکہ بیع فاسد میں مبیع و ثمن پر بائع و مشتری کی ملکیت ملک خبیث ہوتی ہے۔ زکوۃ کے حوالہ سے حکم یہ ہے کہ چونکہ مشتری اب ثمن کا مالک نہیں رہا لہذا اس پر اس کی زکوۃ بھی فرض نہیں تھی تو جو زکوۃ دے دی اس کو اگلے سال کی زکوۃ میں شمار کرسکتے ہیں۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

50

ساس کو زکوۃ

سوال: ساس کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟

User ID: سیف اللہ شیخ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ساس کو زکوۃ دینا جائز ہے جبکہ وہ مستحقہ ہو اور سیدہ یا ہاشمیہ نہ ہو۔فتاوی اہلسنت میں ہے: ساس، سسر۔۔۔ان سب کو زکوۃ دینا جائز ہے بشرطیکہ مستحق ہوں۔

(فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 399)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 جمادی الاول 1443/01 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

51

شوہر کو زکوۃ دینے کا وکیل بنانا

سوال: بیوی نے شوہر کو اپنی زکوۃ کی رقم دی اور کہا کسی بھی مستحق کو دے دیں تو ایسا کرنا کیسا؟

User ID: سید اکرم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس طرح زکوۃ خود کسی مستحق کو پہنچائی جاتی ہے اسی طرح کسی وکیل یعنی نائب کے ذریعے بھی زکوۃ کی ادائیگی ہو سکتی ہے۔ زکوۃ کا نائب کسی کو بھی بنایا جا سکتا ہے لہذا بیوی اگر شوہر کو اپنی زکوۃ کا وکیل بناتی ہے تو اس میں شرعا کوئی حرج نہیں اور زکوۃ بھی مستحق تک پہنچائی تو ادا ہو جائے گی۔ فیضان زکوۃ میں ہے: زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے کسی کو وکیل بنانا جائز ہے۔ (فیضان زکوۃ، صفحہ 83)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 جمادی الاول 1443/03 دسمبر 2022ء

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

52

غلط فہمی میں زیادہ زکوۃ دے دی

سوال: میں نے ایک فائل 5 لاکھ کی خریدی اور میں اس کی مارکیٹ ویلیو 30 لاکھ پر زکوۃ دیتا رہا پھر مجھے پتا چلا کہ مجھے صرف 5 لاکھ پر زکوۃ دینی تھی کیونکہ فائل کی خرید و فروخت باطل ہے اب جو زیادہ زکوۃ دے دی اس کا کیا حکم ہے؟

User ID: محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

آپ نے 25 لاکھ پر جو اضافی زکوۃ دی اس کو آپ اگلے سال کی اپنی کل زکوۃ میں شمار کر سکتے ہیں۔ مثلا 30 لاکھ پر 75000 زکوۃ ادا کی تو اس میں سے 12500 تو 5 لاکھ پر زکوۃ ادا ہو گئی باقی 62500 کو اگلے سالوں کی زکوۃ میں ایڈجیسٹ کر سکتے ہیں۔ محیط برہانی میں ہے: ولو کان عند رجل أربعمائة درھم فظن أن عندہ خمسمائة درھم فأدی زکاۃ خمسمائة درھم ثم ظھر أن عندہ أربعمائة فلہ أن یحتسب الزیادۃ للسنة الثانیة ترجمہ: اور اگر کسی کے پاس چار سو درہم تھے اور اسے گمان ہوا کہ اس کے پاس پانچ سو درہم ہیں اور اس نے پانچ سو درہم کے حساب سے زکوۃ دے دی پھر اسے پتا چلا کہ اس کے پاس چار سو درہم تھے تو اس کے لئے اضافی زکوۃ کو اگلے سال میں شمار کرنا جائز ہے۔ (محیط برہانی، جلد 2، صفحہ 293)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 جمادی الاول 1443/07 دسمبر 2022ء

Fiqhi Masail Group

فقہی گروپ کے مختصر جوابات

نوٹ: تفصیلی فتوی کے لیے دارالافتاء اہل سنت سے رابطہ کریں۔

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

53

غیر مستحق کو زکوۃ دے دی

سوال: اگر کسی کو زکوۃ دے دی بعد میں پتا چلا کہ وہ مستحق نہیں تو زکوۃ ادا ہوئی؟ اور ہمیں مستحق کا کیسے پتا چلے؟

User ID: حمزہ ادریس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

زکوۃ کس کو دی جا سکتی ہے اس کا بیان قرآن و حدیث اور فقہ کی کتابوں میں موجود ہے، اب اگر کسی کے بارے میں پتا نہ چل رہا ہو کہ یہ زکوۃ کا مستحق ہے یا نہیں بالخصوص آج کے دور میں یہ اندازہ لگانا مشکل ہوتا ہے تو شریعت نے یہ آسانی دی ہے کہ جس کو زکوۃ دینی ہے اس کے بارے میں غور کیا جائے، اگر گمان غالب ہو جائے کہ یہ زکوۃ کا مستحق ہو گا تو اس کو زکوۃ دینا جائز ہے، بالفرض وہ زکوۃ کا مستحق نہ بھی ہوا تو بھی زکوۃ ادا ہو جائے گی البتہ وہ غیر مسلم ہو تو گمان غالب کرنے کے باوجود بھی زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔ اور اگر گمان غالب نہ ہوتا ہو تو زکوۃ نہ دی جائے اگر بغیر گمان غالب کے زکوۃ دی اور وہ مستحق نہ ہوا تو زکوۃ کسی صورت ادا نہیں ہو گی۔ (ملخصا: فیضان زکوۃ، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

13 جمادی الاول 1443/08 دسمبر 2022ء

54

کمیٹی جمع کروانے والے کو زکوۃ دینا

سوال: اگر کوئی شخص کمیٹی میں رقم جمع کرواتا ہے تو کیا ایسے کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟

User ID: فدا حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کسی شخص نے نصاب کے برابر کمیٹی میں رقم جمع کروادی اور اس کی کمیٹی ابھی کھلی نہیں یا کھل گئی ہے مگر اس کو ابھی اتنی کمیٹیاں نہیں بھرنی کہ اس کو مائنس کرے تو نصاب کے برابر نہ بچے، تو ایسے کو زکوۃ نہیں دے سکتے یا نصاب سے کم جمع کروائی مگر حاجت اصلیہ کے علاوہ اتنا سامان ہے کہ اسکی قیمت کمیٹی والی رقم کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچ جائے تو بھی زکوۃ نہیں دے سکتے جبکہ دونوں صورتوں میں وہ اتنا مقروض نہ ہو کہ قرض کو مائنس کرنے سے نصاب نہ بچتا ہو، ہاں اگر نصاب سے کم جمع کروائی ہے اور اس کے پاس حاجت اصلیہ کے علاوہ ایسا کوئی سامان بھی نہیں جس کو کمیٹی والی رقم سے ملایا جائے تو نصاب کو پہنچ جائے یا اس کی کمیٹی کھل گئی مگر اسے ابھی کمیٹی میں اتنی رقم بھرنی ہے کہ اس کو نکالنے کے بعد نصاب نہ بچے تو ایسا شخص مستحق زکوۃ ہے، اس کو زکوۃ دینا جائز ہے جب کہ زکوۃ کی دیگر شرائط بھی پائی جائیں۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

11 جمادی الاخر 1443ھ/04 جنوری 2023ء

55 ہیرے پر زکوۃ

سوال: کیا ہیرے پر زکوۃ ہے؟

User ID: افران علی خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہیرے اگر تجارت کی نیت سے نہیں خریدے تو ان پر زکوۃ فرض نہیں چاہے کتنے مہنگے ہوں اگرچہ نصاب تک پہنچتے ہوں، اور اگر تجارت کی نیت سے لئے ہوں تو دیگر شرائط پائی جائیں تو زکوۃ فرض ہو گی۔ در مختار میں ہے: "لا زکاۃ فی اللالیء والجواھر الا ان تکون للتجارۃ" ترجمہ: ہیرے وجواہرات تجارت کی نیت سے لئے ہوں تو ہی زکوۃ ہے ورنہ نہیں۔ (در مختار مع شامی، جلد 3، صفحہ 230)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

18 جمادی الاخر 1443ھ / 11 جنوری 2023ء

56 نابالغ کو زکوۃ

سوال: کیا ایسے نابالغ کو زکوۃ دے سکتے ہیں جس کی والدہ شرعی فقیر ہو اور والد غنی؟

User ID: اویس عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ایسے نابالغ کو زکوۃ دینا جائز نہیں جس کا والد غنی ہو۔ بہار شریعت میں ہے: ”غنی مرد کے نابالغ بچے کو بھی نہیں دے سکتے۔۔ الخ

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 929)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 جمادی الاخر 1443ھ / 15 جنوری 2023ء

57

سابقہ شوہر کی طرف سے ملنے والے پیسے

سوال: میرے سابقہ شوہر اپنے 10 سال کے بیٹے کے لئے 3000 روپے بھیجتے ہیں جو میں کچھ جمع کرلیتی ہوں، کیا اس پر زکوۃ دینی ہوگی؟

User ID: بنت عبد الرزاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

والد کی طرف سے اپنے بیٹے کے لئے بھیجی جانے والی رقم بیٹے کے لئے تحفہ ہے اور یہ حقیقت میں بیٹے کی ملکیت ہے اور چونکہ بیٹا نابالغ ہے لہذا اس پر زکوۃ لازم نہیں ہوگی۔ شامی میں ہے: "فلا تجب علی مجنون و صبی" ترجمہ: تو مجنون اور نابالغ پر زکوۃ واجب نہیں۔

(شامی، جلد 3، کتاب الزکاۃ، صفحہ 207، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 رجب المرجب 1443ھ / 31 جنوری 2023ء

58

زکوۃ میں سال کے اول آخر کا اعتبار

سوال: اگر کسی کے پاس نصاب کی قدر مال ہو تو سال پورا ہونے پر زکوۃ ہوتی ہے، اب کسی کے پاس مال بڑھ گیا تو کیا دوبارہ سال پورا ہونا ضروری ہے؟

User ID: ام بریرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جب کسی کے پاس پہلی مرتبہ نصاب کی قدر مال آیا تو اس اسلامی تاریخ کو اس کے نصاب کا سال شروع ہو گیا، اب ایک سال کے بعد اسی اسلامی تاریخ کو وہ دیکھے گا کہ اس کے پاس کتنا مال ہے، اگر اس کے پاس نصاب کی قدر مال ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی جب کہ دیگر شرائط پائی جائیں کیونکہ زکوۃ میں سال کے اول و آخر کا اعتبار ہوتا ہے۔ صاحب نصاب ہونے کا جو دن تھا اب ہر سال وہ اسی دن زکوۃ کا حساب کرتا رہے گا جب تک اس کا نصاب بالکل ہلاک نہ ہو جائے، ایسا نہیں ہو گا کہ جب جب مال آتا رہا تو نصاب کا نیا سال شروع ہو گیا اور وہ ہر مال کے اعتبار سے الگ شمار کرے۔ مثلا کسی کے پاس 12 رجب کو پہلی مرتبہ 2 لاکھ روپے آئے، اب درمیان سال جو آیا گیا اس کا اعتبار نہیں، اگلے سال 12 رجب کو اگر نصاب کی قدر مال ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 رجب المرجب 1444ھ / 13 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

59 — 6 تولہ سونا اور 2 تولہ چاندی پر زکوۃ

سوال: میرے پاس 6 تولے سونا ہے اور 2 تولے چاندی تو کیا زکوۃ دینی ہوگی؟

User ID: حریم فاطمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ فرض ہونے کے لئے سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ اور چاندی کا ساڑھے باون تولہ ہے لیکن اگر سونا یا چاندی اپنے اپنے نصاب سے کم ہوں تو یہ دیکھا جائے گا سونے یا چاندی کے علاوہ اموال زکوۃ میں سے کتنا مال ہے، اگر اموال زکوۃ میں سے کچھ بھی ہو مثلا کرنسی ہو تو اس کرنسی کو سونے یا چاندی کے ساتھ ملا کر دیکھیں گے، اگر ان کی قیمت مل کر ساڑھے باون تولے چاندی کے برابر ہو جاتی ہے تو اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔ معلوم کی گئی صورت میں 6 تولہ سونا اور 2 تولہ چاندی کو ملایا جائے تو یہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت سے کئی زیادہ ہے لہذا اس پر زکوۃ فرض ہو گی۔ فتح القدیر میں ہے: " والنقدان یضم احدھما الی الاخر فی تکمیل النصاب عندنا " ترجمہ: ہمارے نزدیک نصاب کو مکمل کرنے کے لئے دونوں نقدوں (سونا اور چاندی) کو ایک دوسرے کے ساتھ ملایا جائے گا۔
(فتح القدیر، جلد2، صفحہ 169)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رجب المرجب 1444ھ / 14 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

60 کرائے پر دیے ہوئے مکان پر زکوۃ

سوال: میرے پاس ایک مکان ہے جو کرائے پر دیا ہوا ہے کیا اس کی قیمت پر زکوۃ ہے؟

User ID: راجہ عارف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو مکان کرائے پر دیا ہوا ہے اس کی قیمت پر زکوۃ فرض نہیں البتہ نصاب کا سال پورے ہونے پر اگر کرائے والی رقم حاجت اصلیہ کے علاوہ موجود ہے تو وہ دیگر اموالِ زکوۃ کے ساتھ حساب میں شمار ہوگی، اگر شرائط پائی گئیں تو اس پر زکوۃ فرض ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "(کرائے کے) مکانات پر زکوٰۃ نہیں، اگرچہ پچاس کروڑ کے ہوں، کرایہ سے جو سال تمام پر پس انداز ہوگا اس پر زکوٰۃ آئے گی، اگر خود یا اور مال سے مل کر قدرِ نصاب ہو۔"

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ161)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 رجب المرجب 1444ھ / 15 فروری 2023ء

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

61

بہن بھائی اور اولاد کو زکوۃ

سوال: کیا بہن بھائی کو زکوۃ دے سکتے ہیں؟ بیٹی ماں کو زکوۃ دے سکتی ہے؟

User ID: محمد اسماعیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بھائی بہن اگر مستحق زکوۃ ہوں اور غیر سید ہوں تو انہیں زکوۃ دینا جائز بلکہ افضل ہے کہ صلہ رحمی کا بھی ثواب ہے البتہ ماں اپنی بیٹی کو یا بیٹی اپنی ماں کو زکوۃ نہیں دے سکتی۔ عالمگیری میں ہے: "والافضل فی الزکاۃ والفطر والنذور الصرف اولا الی الاخوۃ الاخوات" ترجمہ: زکوۃ، فطرہ اور منت (کی رقم وغیرہ) پہلے بھائی بہنوں کو دینا افضل ہے۔ (ھندیہ، جلد1، صفحہ 190، دار الفکر)

فتاوی اہلسنت احکام زکوۃ میں ہے: رشتے داروں میں سے کوئی حاجت مند اور شرعی فقیر ہے تو اس کو زکوۃ دینا افضل ہے مگر ان کی چند شرائط ہیں۔۔۔ والدین یا اپنی اولاد میں سے نہ ہو۔۔ الخ (فتاوی اہلسنت، صفحہ 399)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 رجب المرجب 1444ھ / 17 فروری 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

62 قرض میں دی ہوئی رقم پر زکوۃ کی نیت

سوال: اگر زید نے بکر کو قرض دیا ہے اور بکر واپس کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو کیا زید اس میں زکوۃ کی نیت کر سکتا ہے؟

User ID: قاری صابر اعوان چشتی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو رقم کسی کو قرض میں دی ہوئی ہے اگر وہ واپس کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو دی ہوئی رقم میں زکوۃ کی نیت کرنا جائز نہیں اور نہ اس طرح زکوۃ ادا ہو گی۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "کسی کو قرض معاف کیا اور زکوۃ کی نیت کر لی تو زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔" (فیضان زکوۃ، صفحہ 80)

نوٹ: اس مسئلہ کے حل کے لئے دار الافتاء اہلسنت میں رابطہ فرمائیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 رجب المرجب 1444ھ / 19 فروری 2023ء

63 دکان پر موجود سامان کی زکوۃ کا حساب

سوال: دکان میں موجود سامان کم قیمت میں خرید اتھا اب ریٹ بڑھ گیا تو زکوۃ کس حساب سے دیں؟

User ID: بہار مدینہ عطر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

دکان میں موجود مال تجارت پر زکوۃ قیمت خرید کے حساب سے نہیں ہوگی بلکہ نصاب کا سال مکمل ہونے پر مارکیٹ میں جو اس کی قیمت ہوگی اس کا اعتبار ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: "مال تجارت میں سال گزرنے پر جو قیمت ہوگی اس کا اعتبار ہوگا۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 907)

فتاوی امجدیہ میں ہے: "مال تجارت کی زکوۃ دینے کے لئے اس کی قیمت لگوالی جائے پھر اس کا چالیسواں حصہ زکوۃ دی جائے۔"

(ماخوذا: فتاوی امجدیہ، جلد1، صفحہ 378)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

02 شعبان المعظم 1444ھ / 23 فروری 2023ء

64

زکوۃ کو تحفہ بول کر دینا

سوال: میرے کچھ رشتے دار ہیں جو مستحق زکوۃ ہیں لیکن اگر ان کو زکوۃ بول کر رقم دی جائے تو وہ نہیں لیں گے تو کیا تحفہ بول کر دے سکتے ہیں؟

USER ID: آصف حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کو تحفہ، قرض یا عیدی بول کر دینا بھی جائز ہے جبکہ دیتے وقت زکوۃ کی نیت ہو۔ عالمگیری میں ہے: ”ومن اعطی مسکینا دراھم وسماھا ھبۃ او قرضا ونوی الزکوۃ فانھا تجزیہ“ ترجمہ: جس نے مسکین کو کچھ دراہم دیے اور اس کو ہبہ یا قرض کا نام دیا اور زکوۃ کی نیت کی تو یہ (نیت) اس کو کفایت کرے گی۔ (فتاوی عالمگیری، جلد1، صفحہ 171)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 شعبان المعظم 1444ھ/10 مارچ 2023ء

65

زکوۃ نکالنے کا طریقہ

سوال: میرے پاس کل 6 لاکھ روپے ہیں اس کی زکوۃ کتنی ہو گی؟

USER ID: سعید رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کی شرائط پائی جائیں تو قرض نکال کر جو رقم بچے اس کا ڈھائی فیصد ادا کرنا ہوتا ہے اور اس کو نکالنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ کل مالیت کو 40 پر تقسیم کر دیں تو زکوۃ کی اماؤنٹ نکل آئے گی۔ 6 لاکھ پر 15000 (پندرہ ہزار) زکوۃ دینی ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 شعبان المعظم 1444ھ/13 مارچ 2023ء

66

پہنے جانے والے زیور کی زکوۃ

سوال: عورت اگر سونے چاندی کے زیور پہنتی ہو تو کیا پھر بھی زکوۃ دینے ہوگی؟

USER ID: محمد زبیر قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سونا چاندی چاہے استعمال میں ہوں یا ویسے ہی رکھے ہوں اگر نصاب کی قدر ہیں اور شرائط پائی جائیں تو زکوۃ فرض ہوگی، استعمال میں ہونے سے وہ حاجت اصلیہ نہیں بن جائیں گے نہ ہی زکوۃ کی فرضیت ساقط ہوجائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "اگر چہ پہننے کا زیور ہو (اس پر بھی زکوۃ لازم ہے) زیور پہننا کوئی حاجت اصلیہ نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ 133)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

19 شعبان المعظم 1444ھ/12 مارچ 2023ء

AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

67

سونے میں کھوٹ (ملاوٹ) ہو توزکوۃ

سوال: سونے میں عموما کھوٹ (ملاوٹ) ہوتی ہے توزکوۃ کتنے وزن پر دیں گے؟

USER ID: حمزہ ادریس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

سونے چاندی میں اگر کھوٹ ہو تو اس کی تین صورتیں بنتی ہیں۔ (1) اگر سونا یا چاندی کھوٹ سے زیادہ ہو تو پورے وزن کے اعتبار سے زکوۃ فرض ہو گی۔ (2) اگر کھوٹ سونا یا چاندی کے برابر ہو تو بھی پورے وزن کا اعتبار ہو گا۔ (3) اگر کھوٹ سونے یا چاندی سے زیادہ ہو تو اس کی دو صورتیں بنیں گی۔ (1) اگر کھوٹ کو الگ کریں تو بھی سونا یا چاندی اتنا ہے کہ خود یا دیگر اموالِ زکوۃ کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچ جائے تو اتنے سونے یا چاندی کو دیگر اموال کے ساتھ ملا کر زکوۃ دینی ہو گی۔ (2) اگر خود یا دیگر اموال کے ساتھ مل کر نصاب کو نہیں پہنچتا اور اس میں تجارت کی نیت نہیں تو زکوۃ واجب نہیں اور اگر تجارت کی نیت ہو تو مال تجارت ہونے کی وجہ سے قیمت سے اس کا حساب کریں گے، اگر خود یا دیگر اموال کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچتا ہو گا تو زکوۃ ہو گی ورنہ نہیں۔

(ماخوذ از: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 904، فیضان زکوۃ صفحہ 33)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 شعبان المعظم 1444ھ / 13 مارچ 2023ء

فقہی مسائل گروپ

68 مال تجارت کم اور قرض زیادہ تو زکوۃ

سوال: میرے پاس 3 لاکھ کا مال تجارت ہے اور مجھ پر 3 لاکھ 75 ہزار کا قرض ہے تو مجھ پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: طالب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر آپ کے پاس اس مال تجارت کے علاوہ اموال زکوۃ میں سے کچھ نہیں یا ہے مگر قرض کو مائنس کرنے کے بعد نصاب کی مقدار باقی نہیں رہتا تو زکوۃ فرض نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "نصاب کا مالک ہے مگر اس پر دین ہے کہ ادا کرنے کے بعد نصاب نہیں رہتی تو زکوۃ واجب نہیں۔"

(بہار شریعت، حصہ 7، صفحہ 878)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 شعبان المعظم 1444ھ / 13 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

69

کشتیوں پر زکوۃ

سوال: ہمارا فشری کا کام ہے ہمارے پاس مچھلیاں پکڑنے کے لئے لانچیں اور کشتیاں ہیں تو کیاان کی قیمت پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: غلام مصطفیٰ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کی فرضیت کے لئے مال کا نامی ہونا ضروری ہے، اگر مال نامی نہیں تو زکوۃ فرض نہیں۔ آپ کی لانچیں اور کشتیاں مال نامی میں داخل نہیں بلکہ یہ آلات کی مثل اور کاروبار میں معاونت کے لئے ہیں اور آلات پر زکوۃ لازم نہیں ہوتی۔ عالمگیری میں ہے: "ومنھا کون النصاب نامیا" ترجمہ: زکوۃ کی فرضیت کی شرائط میں سے یہ بھی ہے کہ مال نامی ہو۔ (عالمگیری، جلد 1، صفحہ 174)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 شعبان المعظم 1444ھ/13 مارچ 2023ء

70 زکوۃ کی رقم مسجد میں دینا

سوال: زکوۃ کی رقم مسجد یا مدرسے میں دینا کیسا؟

USER ID: مختار

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کی رقم مسجد یا مدرسے کے لئے دینا جائز نہیں، اگر دی تو زکوۃ ادا نہ ہو گی کیونکہ زکوۃ کی ادائیگی کے لئے شرط ہے کہ کسی مستحق زکوۃ کو مالک بنایا جائے۔ در مختار میں ہے: "لا یصرف الی بناء نحو مسجد" ترجمہ: زکوۃ کی رقم عمارت کی تعمیر مثلا مسجد میں صرف نہیں کی جا سکتی۔ (در مختار، باب المصرف، صفحہ 137)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
20 شعبان المعظم 1444ھ / 13 مارچ 2023ء

71

وکیل کا زکوۃ خود رکھ لینا

سوال: اگر ہم کسی مدرسے کے مہتمم کو زکوۃ کی رقم دیں اور تاکید بھی کریں کہ یہ مستحق طلباء تک پہنچانی ہے پھر بھی وہ رقم خود رکھ لے تو زکوۃ ادا ہو جائے گی؟ USER ID: محمد حماد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں مہتمم کا ایسا کرنا حرام ہے کیونکہ وہ زکوۃ مستحق تک پہنچانے کا وکیل ہے اور وکیل کے لئے جائز نہیں کہ وہ رقم خود رکھ لے۔ اس پر لازم ہے کہ بطور تاوان وہ رقم آپ کو واپس کرے اور آپ دوبارہ زکوۃ کی ادائیگی کریں کیونکہ آپ کی زکوۃ ادا نہیں ہوئی۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "اس طرح کرنا حرام ہے کہ صورت مسئولہ میں آپ وکیل ہیں اور وکیل کو جائز نہیں کہ مال زکوۃ خود رکھ لے۔۔ الخ" (فتاوی اہلسنت احکام زکوۃ، صفحہ 497)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

20 شعبان المعظم 1444ھ / 13 مارچ 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ
AL RAZA QURAN- -FIQH ACADEMY
قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز
آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

72

زکوۃ کس کس چیز پر فرض

سوال: زکوۃ کس کس چیز پر فرض ہوتی ہے؟ اگر میں نے عمرہ کی نیت سے رقم رکھی ہو یا پلاٹ رہائش کے لئے لیا ہو تو زکوۃ فرض ہو گی؟

USER ID: انجینئر جہانزیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ سونا، چاندی، ملکی اور غیر ملکی کرنسی، پرائز بانڈز، مال تجارت اور سائمہ جانور پر فرض ہوتی ہے جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔ سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ (87.48 گرام)، چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولہ (612.36 گرام)، کرنسی، بانڈز اور مال تجارت کا نصاب 52.5 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہے۔ اگر یہ اموال انفرادی طور پر بیان کردہ مقدار کے برابر نہ ہوں مگر ان کو آپس میں ملایا جائے تو ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو جائیں تو بھی زکوۃ فرض ہو گی۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 شعبان المعظم 1444ھ / 13 مارچ 2023ء

73

قسطوں پر لئے ہوئے پلاٹ کی زکوۃ

سوال: اگر کسی نے کوئی پلاٹ قسطوں پر لیا اور ابھی قسطیں باقی ہیں تو کیا پلاٹ پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID:عبد رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

اگر وہ پلاٹ بیچنے کی نیت سے خریدا ہے تو اس کی مارکیٹ ویلیو کے حساب سے زکوۃ فرض ہو گی جبکہ زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں۔زکوۃ کا حساب جب کیا جائے گا تو بقیہ اقساط کو کل نصاب میں سے منہا (مائنس) کیا جائے گا چاہے پلاٹ بیچنے کی نیت سے لیا ہو یا ذاتی استعمال کے لئے۔قدوری میں ہے: "الزکاۃ واجبة فی عروض التجارة کائنة ما کانت اذا بلغت قیمتها نصابا" ترجمہ: زکاۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہو۔ (قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ/20 مارچ 2023ء

74

دو گھروں پر زکوۃ

سوال: ہمارے دو گھر ہیں ایک گاؤں میں اور ایک شہر میں ہم کبھی ایک گھر میں رہتے ہیں کبھی دوسرے میں تو کیا ان گھروں پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: احسن عبد الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جو گھر بیچنے کی نیت سے نہ خریدا ہو یا خریدا بیچنے کی نیت سے ہو مگر اب اس میں اپنی رہائش اختیار کرلی ہو تو اس پر زکوۃ نہیں کیونکہ زکوۃ مال تجارت (جو چیز بیچنے کی نیت سے خریدی ہو) پر فرض ہوتی ہے، جو چیز حاجت اصلیہ میں داخل ہو اس پر زکوۃ فرض نہیں۔ قدوری میں ہے: "الزکاۃ واجبۃ فی عروض التجارۃ کائنۃ ما کانت اذا بلغت قیمتھا نصابا" ترجمہ: زکاۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہو۔ (قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

29 شعبان المعظم 1444ھ / 22 مارچ 2023ء

75 جس پر زکوۃ فرض نہیں اس کا زکوۃ لینا

سوال: جس پر زکوۃ فرض نہیں کیا وہ زکوۃ لے سکتا ہے؟

USER ID: محمد مظہر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر زکوۃ فرض نہ ہو ضروری نہیں کہ وہ مستحق زکوۃ بھی ہو کیونکہ زکوۃ لینے کا حقدار وہ ہے جس کے پاس نصاب کی مقدار مال نہ ہو یا ہو تو حاجت اصلیہ میں گھرا ہوا ہو یا اس کے اوپر اتنا قرض ہو کہ اس کو مائنس کرنے کے بعد نصاب باقی نہ رہتا ہو۔ کئی لوگوں کے پاس حاجت اصلیہ کے علاوہ ایسا سامان ہوتا ہے جو نصاب کی قدر ہوتا ہے جس سے وہ مستحق زکوۃ نہیں رہتے مثلا گھر میں ڈیکوریشن کا سامان، صرف دعوتوں میں پہننے کے لئے لباس، مہمانوں کے لئے خاص برتن وغیرہ۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 رمضان المبارک 1444ھ / 26 مارچ 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

76

دکان پر زکوۃ

سوال: جو دکانداری کرتا ہے اس کی دکان پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: ملک شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جس دکان میں بندہ کاروبار کرتا ہے اس پر زکوۃ نہیں ہو گی البتہ دکان میں موجود سامان پر شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہو گی۔ قدوری میں ہے: "الزکاۃ واجبۃ فی عروض التجارۃ کائنۃ ما کانت اذا بلغت قیمتھا نصابا" ترجمہ: زکاۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب کو پہنچتی ہو۔ (قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

77 تکافل میں جمع کروائی گئی رقم پر زکوۃ

سوال: زکوۃ کا حساب کرتے ہوئے تکافل میں جمع کروائی گئی رقم کو شامل کریں گے ؟

USER ID: محمد عدیل شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ہمارے نزدیک تکافل کا رائج طریقہ شرعی خرابیوں پر مشتمل ہے البتہ جو رقم جمع کروائی ہے وہ بطور انویسمنٹ کاروبار میں لگی ہوئی ہے لہذا اگر وہ خود یا دیگر اموال کے ساتھ مل کر نصاب کو پہنچے اور دیگر شرائط پائی جائیں تو اس پر زکوۃ فرض ہوگی۔ تنویر الابصار میں ہے: "اللازم فی عرض تجارۃ قیمتہ نصاب من ذھب او ورق مقوما باحدھما ربع عشرہ" ترجمہ: تجارت کو وہ سامان جس کی قیمت سونے یا چاندی کے نصاب یا ان دونوں میں سے کسی ایک کی قیمت کے برابر ہوں تو اس میں چالیسواں حصہ زکوۃ لازم ہے۔

(درمختار مع تنویر الابصار، ص 131)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

78

بینک سے کاٹی گئی زکوۃ

سوال: بینک سے کاٹی گئی زکوۃ کا حکم کیا ہے؟

USER ID: حافظ مزمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ہماری معلومات کے مطابق بینک سے کاٹی جانے والی زکوۃ مستحقین زکوۃ پر خرچ نہیں کی جاتی لہذا بینک سے کاٹی جانے والی زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔ وقار الفتاوی میں ہے: "حکومت مال زکوۃ وصول کر کے جس طرح خرچ کرتی ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ زیادہ روپیہ ایسی جگہ خرچ کیا جاتا ہے جہاں کوئی مالک نہیں ہوتا ہے لہذا زکوۃ ادا نہیں ہوتی۔"
(وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ 414)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

05 رمضان المبارک 1444ھ / 27 مارچ 2023ء

79 زکوۃ میں راشن دینا

سوال: زکوۃ کے پیسوں سے راشن دے سکتے ہیں؟

USER ID: ملک شہزاد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

زکوۃ میں راشن دینا جائز ہے جبکہ مستحقین زکوۃ ہی کو دیا جائے اور راشن کی جو مارکیٹ میں قیمت ہے اتنی زکوۃ شمار ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "روپے کے عوض کھانا غلہ کپڑا وغیرہ فقیر کو دے کر مالک کر دیا تو زکاۃ ادا ہو جائے گی، مگر اس چیز کی قیمت جو بازار بھاؤ سے ہو گی وہ زکاۃ میں سمجھی جائے۔"
(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 909)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

06 رمضان المبارک 1444ھ / 28 مارچ 2023ء

80 زکوۃ کن کو دے سکتے ہیں

سوال: زکوۃ کن لوگوں کو دے سکتے ہیں تفصیل سے بتادیں؟

USER ID: محمد عثمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اللہ پاک نے سورہ توبہ کی آیت 10 میں 8 طرح کے لوگوں کا ذکر فرمایا ہے جن کو زکوۃ دی جاسکتی ہے، ان میں سے مولفہ القلوب زمانہ صحابہ میں بالاجماع ساقط ہوگئے اور رقاب (غلام لونڈیوں کو آزاد کروانے کے لئے دینا) اب پایا نہیں جاتا لھذا اب 6 طرح کے افراد باقی رہ گئے۔ (1) فقیر (2) مسکین (3) عامل (4) غارم (5) فی سبیل اللہ (6) ابن سبیل۔ **فقیر:** وہ ہے جس کے پاس نصاب کی قدر مال نہ ہو یا ہو تو حاجت اصلیہ میں گھر ہوا ہو۔ **مسکین:** وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ **عامل:** وہ ہے جس کو بادشاہ اسلام نے زکوۃ اور عشر وصول کرنے کے لئے مقرر کیا ہو۔ **غارم:** وہ جس پر اتنا قرض ہو کہ اسے نکالنے کے بعد نصاب نہ بچے۔ **فی سبیل اللہ:** اللہ کی راہ میں دینا، اس کی مخصوص صورتیں ہیں۔ **ابن سبیل:** شرعی مسافر جس کے پاس مال نہ رہا۔ (ملخصا: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

08 رمضان المبارک 1444ھ / 30 مارچ 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

81 ڈپازٹ میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ

سوال: ڈپازٹ میں رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ کا کیا حکم ہے؟

USER ID: مظفر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ڈپازٹ دی گئی رقم کی حیثیت قرض کی ہے اور قرض میں دی ہوئی رقم کا حکم یہ ہے کہ اگر خود یا دیگر اموال کے ساتھ مل کر نصاب تک پہنچ جائے تو شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہوگی البتہ ادائیگی اس وقت واجب ہوگی جب نصاب یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کا پانچواں حصہ وصول ہو جائے۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "مذکورہ پیسوں پر بھی زکوۃ فرض ہوگی البتہ زکوۃ کی ادائیگی اسی صورت میں لازم ہوگی جب نصاب کا خمس یعنی پانچواں حصہ وصول ہوگا۔ شرعا یہ دین قوی بنتا ہے۔" (فتاوی اہلسنت، صفحہ 274)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

10 رمضان المبارک 1444ھ / 01 اپریل 2023ء

82

حج کے لئے جمع کی گئی رقم پر زکوۃ

سوال: ایک شخص نے حج کے لئے رقم اکٹھی کی اور وہ تقریبا 12 لاکھ ہوگئی تو کیا اس پر زکوۃ ہے؟

USER ID: ارشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نصاب کا سال پورا ہونے پر اس رقم کو بھی حساب میں شامل کیا جائے گا اگر شرائط پائی گئیں یعنی قرض اور حاجت اصلیہ کو نکال کر نصاب بچتا ہے تو زکوۃ فرض ہو گی۔ اس طرح کے سوال کے جواب میں اعلی حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "اس پر زکوۃ فرض ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 140)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

11 رمضان المبارک 1444ھ / 02 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

83 شیئرز پر زکوۃ

سوال: شیئر مارکیٹ میں انویسمنٹ ہو تو زکوۃ کس حساب سے نکالی جائے؟

USER ID: ڈاکٹر نوشاد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

شیئرز کا کام کئی شرعی خرابیوں پر مشتمل ہے لہذا اس کی اجازت نہیں، بہر حال زکوۃ کے حوالے سے مسئلہ یہ ہے کہ کمپنی کے مال میں جس قدر حصہ ہو گا اس کی موجودہ قیمت کے حساب سے زکوۃ فرض ہو گی جبکہ شرائط پائی جائیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "حصص کی قیمت شرعا کوئی چیز نہیں بلکہ اصل کے روپے جتنے اس کے کمپنی میں جمع ہیں، یا مال میں اس کا جتنا حصہ ہے یا منفعت جائزہ غیر ربا میں اس کا جتنا حصہ ہے اس پر زکوۃ لازم آئے گی۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 17، صفحہ 362)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444ھ / 03 اپریل 2023ء

84

مشینوں پر زکوۃ

سوال: استعمال میں جو مشینیں ہیں اس پر زکوۃ ہو گی یا نہیں؟

USER ID: علی قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو مشینیں بیچنے کی نیت سے نہیں خریدی گئیں بلکہ وہ مال وغیرہ بنانے یا تجارت میں معاونت کے لئے ہیں، ان پر زکوۃ نہیں کہ یہ آلات کی مثل ہیں اور آلات پر زکوۃ فرض نہیں کیونکہ یہ حاجت اصلیہ میں شامل ہیں۔ شامی وغیرہ کتب فقہ میں حاجت اصلیہ کے بیان میں آلات کو بھی شامل کیا گیا ہے، جیسا کہ شامی میں ہے: "وکالات الحرفة" ترجمہ: (حاجت اصلیہ یعنی۔۔) جیسے پیشے کے آلات۔ (شامی، جلد 3، کتاب الزکاۃ، صفحہ 213، دار المعرفہ)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 شعبان المعظم 1444ھ / 20 مارچ 2023ء

85 زکوۃ اور صدقہ فطر میں فرق

سوال: زکوۃ اور صدقہ فطر کے نصاب میں فرق کیا ہے؟

USER ID: عمر کاظمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

زکوۃ میں سال کا گزرنا، عاقل بالغ ہونا اور مال کا نامی ہونا شرط ہے جبکہ صدقہ فطر میں یہ شرائط نہیں۔ اگر حاجت اصلیہ کے علاوہ مال غیر نامی مثلا ڈیکوریشن کے پیس، صرف مہمانوں کے لئے رکھے ہوئے برتن وغیرہ کی قیمت نصاب تک پہنچتی ہو گی تو بھی صدقہ فطر واجب ہو گا۔ اسی طرح جو عید کے دن صبح صادق کے وقت نصاب کا مالک ہو گا اس پر صدقہ فطر واجب ہو گا اگرچہ اس پر سال نہ گزرا ہو بلکہ وہ اس مال کا صبح صادق سے کچھ دیر پہلے مالک بنا ہو تو بھی واجب ہو گا۔ زکوۃ نابالغ پر فرض نہیں لیکن صدقہ فطر شرائط پائی جانے کی صورت میں نابالغ کا بھی دینا ہو گا۔ (ماخوذا: کتب فقہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 رمضان المبارک 1444 ھ / 03 اپریل 2023ء

86 گروی رکھی ہوئی چیز کی زکوۃ

سوال: گروی رکھی ہوئی چیز کی زکوۃ کا کیا حکم ہے اور اس کو چھڑانے کے بعد کیا حکم ہے؟

USER ID: شجاع رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو چیز گروی رکھی ہو اس کی زکوۃ نہ گروی رکھنے والے پر ہے نہ اس پر جس کے پاس گروی رکھی گئی اور رہن چھڑانے کے بعد پچھلے سالوں کی زکوۃ بھی واجب نہیں البتہ وہ چیز اگر اموال زکوۃ میں سے ہے تو واپس ملنے کے بعد نصاب کے سال کے اختتام پر اس کا شمار کرنا ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: "شے مرہون کی زکاۃ نہ مرتہن پر ہے، نہ راہن پر، مرتہن تو مالک ہی نہیں اور راہن کی ملک تام نہیں کہ اس کے قبضہ میں نہیں اور بعد رہن چھڑانے کے بھی ان برسوں کی زکاۃ واجب نہیں۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 877)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فرازعطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

87

زکوۃ میں بے سلے کپڑے دینا

سوال: کچھ بے سلے کپڑے اگر زکوۃ میں دیے جائیں تو زکوۃ ادا ہو گی؟

USER ID: ام عبید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مستحق زکوۃ کو بے سلے کپڑے زکوۃ کی نیت سے دیے تو ان کپڑوں کی موجودہ قیمت کے اعتبار سے زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ بدائع الصنائع میں ہے: "والاصل ان کل مال یجوز التصدق بہ تطوعا یجوز اداء الزکاۃ منہ" ترجمہ: اصل یہ ہے کہ ہر وہ مال جس کو نفلی صدقے کے طور پر دینا جائز ہے اس کے ذریعے زکوۃ دینا بھی جائز ہے۔"

(بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 41، دار الکتب العلمیہ)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

88 زکوۃ کے پیسوں سے فلٹر پلانٹ لگانا

سوال: زکوۃ کے پیسوں سے مسجد کے باہر عوام کے لئے فلٹر پلانٹ لگانا کیسا؟

USER ID: محمد انس سعید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اولا تو یہ یاد رکھیں کہ رقم زکوۃ کی ہو یا اس کے علاوہ، مسجد میں فلٹر پلانٹ لگوانا کہ لوگ اس میں سے پانی بھریں یہ جائز نہیں کیونکہ مسجد کا پانی صرف نمازیوں کے لئے ہوتا ہے۔ زکوۃ کی رقم سے مسجد کے باہر فلٹر پلانٹ لگوایا تو اس سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی کیونکہ زکوۃ کی رقم کا کسی مستحق کو مالک بنانا شرط ہے اور یہاں یہ شرط نہیں پائی جارہی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "زکوٰۃ کا رکن تملیکِ فقیر (یعنی فقیر کو مالک بنانا) ہے۔ جس کام میں فقیر کی تملیک نہ ہو، کیسا ہی کارِ حَسن ہو جیسے تعمیرِ مسجد یا تکفینِ میت یا تنخواہِ مدرسانِ علمِ دین، اس سے زکوٰۃ نہیں ادا ہو سکتی۔" (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 269)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

19 رمضان المبارک 1444ھ / 10 اپریل 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

89

غیر مسلم کو زکوۃ یا فطرہ دینا

سوال: کیا غیر مسلم کو زکوۃ یا فطرہ دے سکتے ہیں؟

USER ID: قاری نبیل نقشبندی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

غیر مسلم کو زکوۃ اور فطرہ نہیں دے سکتے، اگر کسی نے دی تو ادا نہیں ہو گی یہاں تک کہ کسی نے گمان غالب کر کے دی کہ یہ مستحق ہے اور بعد میں اس کا غیر مسلم ہونا ظاہر ہو گیا تو بھی ادا نہیں ہو گی اور زکوۃ دوبارہ دینی ہو گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "کافر کو زکوۃ دینے سے زکوۃ ادا نہیں ہو گی۔"

(ماخوذا: فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ290)

فیضان زکوۃ میں ہے: "اگر غالب گمان کے بعد زکوۃ دی تھی کہ مستحق ہے مگر بعد میں معلوم ہوا کہ وہ۔۔۔ حربی (کافر) تھا تو ادا نہ ہوئی۔"

(فیضان زکوۃ، صفحہ60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

20 رمضان المبارک1444ھ/11 اپریل 2023ء

90 سونے کی زکوۃ سونے سے

سوال: سونے کی زکوۃ اگر سونے سے دینی ہو تو ساڑھے سات تولہ سونا پر کتنی زکوۃ دینی ہو گی؟

USER ID: محمد ثوبان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سونے چاندی کی زکوۃ سونے چاندی میں بھی دی جاسکتی ہے۔ اگر سونے کی زکوۃ سونے سے دینا چاہیں تو ساڑھے سات تولہ سونے پر اس کا چالیسواں حصہ یعنی 0.1875 تولہ / 2.187 گرام سونا دینا ہو گا۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "اگر آپ سونے کی زکوٰۃ سونے کی صورت میں یا چاندی کی زکوٰۃ چاندی کی صورت میں دینا چاہتے ہیں تو اس کا بھی چالیسواں حصہ (یعنی 2.5٪) بطورِ زکوٰۃ دینا ہو گا۔۔ لہٰذا ساڑھے سات تولے کی زکوٰۃ (2.5٪) تقریباً 2 گرام 187 ملی گرام سونا اور ساڑھے باون تولے چاندی کی زکوٰۃ (2.5٪) تقریباً 15 گرام 310 ملی گرام چاندی بنے گی۔" (فیضان زکوۃ، صفحہ 32)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

91

ایڈوانس زکوۃ دینا

سوال: مجھ پر زکوۃ کچھ مہینوں بعد فرض ہوتی ہے اگر میں ابھی ایڈوانس زکوۃ دوں تو کیسا اور حساب کس اعتبار سے لگے گا؟

USER ID: نوید الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ایڈوانس زکوۃ دینا جائز ہے مگر اس میں ضروری ہے کہ زکوۃ دینے والا صاحب نصاب ہو اور نصاب کے سال کے اختتام پر بھی صاحب نصاب ہو۔ جب نصاب کا سال مکمل ہو جائے یعنی جس دن زکوۃ فرض ہوتی ہے اس دن کی قیمت کا اعتبار کرتے ہوئے حساب کرے، اگر کم زکوۃ دی ہے تو بقیہ فورا ادا کر دے اور اگر زیادہ دی ہے تو اگلے سال میں اس کو شمار کر سکتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "مالک نصاب پیشتر سے چند سال کی بھی زکاۃ دے سکتا ہے، لہذا مناسب ہے کہ تھوڑا تھوڑا زکاۃ میں دیتا رہے، ختم سال پر حساب کرے، اگر زکاۃ پوری ہو گئی، فبہا اور کچھ کمی ہو، تو اب فورا دے دے، تاخیر جائز نہیں، نہ اس کی اجازت کہ اب تھوڑا تھوڑا کر کے ادا کرے، بلکہ جو کچھ باقی ہے، کل فورا ادا کر دے اور زیادہ دے دیا ہے، تو سال آئندہ میں مجرا کر دے۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 891)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

22 رمضان المبارک 1444ھ / 13 اپریل 2023ء

92 امام مسجد کو زکوۃ یا فطرہ دینا

سوال: کیا مسجد کے امام صاحب کو زکوۃ یا فطرہ دے سکتے ہیں؟

USER ID: محمد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر امام صاحب مستحق زکوۃ ہوں تو انہیں زکوۃ اور فطرہ دینا جائز ہے اور اگر وہ عالم ہوں تو ان کو دینا افضل ہے البتہ یہ زکوۃ اور فطرہ تنخواہ میں شمار نہیں ہو گا۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "اگر مؤذن صاحب، عالم صاحب یا مبلغ صاحب فقیر شرعی ہوں اور سید نہ ہوں تو ان کو زکوۃ اور فطرہ دے سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ دینا تنخواہ کے طور پر نہ ہو کہ کسی بھی قسم کی تنخواہ کی مد میں زکوۃ کی رقم ادا نہیں کی جاسکتی۔" (فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 398)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 رمضان المبارک 1444ھ / 15 اپریل 2023ء

93 گھر میں پالنے کے لئے پرندے ہوں تو زکوۃ

سوال: گھر میں پالنے کے لئے جو پرندے ہیں ان پر زکوۃ ہو گی ؟

USER ID: احماق احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

جو پرندے پالنے کے لئے خریدے ہیں بیچنے کی نیت سے نہیں خریدے تو ان پر زکوۃ نہیں کہ یہ مال تجارت نہیں۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "فارمنگ کے لئے خریدی گئی مرغیاں ان سے حاصل ہونے والے انڈے اور چوزے مال تجارت نہیں لہذا ان پر زکوۃ نہیں۔ کیونکہ کسی بھی چیز کے مال تجارت ہونے کے لئے ضروری ہے کہ اسے تجارت کی نیت سے خرید اگیا ہو۔"

(فتاوی اہلسنت، احکام زکوۃ، صفحہ 583)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 رمضان المبارک 1444ھ / 16 اپریل 2023ء

94

برتنوں پر زکوۃ

سوال: گھر کے اندر اضافی برتن ہوتے ہیں جو ایسے ہی پڑے رہتے ہیں کیا ان پر زکوۃ فرض ہو گی؟

USER ID:ناصرالدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

ایسے برتن جو بیچنے کی نیت سے نہیں خریدے گئے ان پر زکوۃ فرض نہیں۔ سونے چاندی کے علاوہ گھر میں موجود اضافی برتن جو فقط مہمانوں کے لئے ہوتے ہیں یا ڈیکوریٹ کیے ہوئے ہوتے ہیں ان پر زکوۃ نہیں البتہ ان کی اپنی موجودہ مالیت یا حاجت اصلیہ کے علاوہ دیگر اشیاء کی مالیت کے ساتھ ان برتنوں کی مالیت ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیت کے برابر ہو جاتی ہے تو ایسا بندہ زکوۃ لے نہیں سکتا۔ بہار شریعت میں ہے: "استعمال کے برتن اس قسم کی چیزیں کتنی ہی قیمت کی ہوں ان کی وجہ سے عورت غنی نہیں، دوسری وہ چیزیں جو حاجتِ اصلیہ سے زائد ہیں زینت کے لیے دی جاتی ہیں جیسے زیور اور حاجت کے علاوہ اسباب اور برتن اور آنے جانے کے بیش قیمت بھاری جوڑے، ان چیزوں کی قیمت اگر بقدر نصاب ہے عورت غنی ہے زکاۃ نہیں لے سکتی۔" (بہار شریعت، ج1، ص930)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 رمضان المبارک 1444 ھ /19 اپریل 2023ء

95

ڈومین پر زکوۃ

سوال: بعض لوگ ڈومین (domain) خرید کر رکھتے ہیں اس نیت سے کہ اس کو فروخت کریں گے تو کیا اس پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: عبد المقیت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

ڈومین شرعی اعتبار سے مال متقوم ہے یعنی اس سے نفع اٹھایا جانا ممکن ہے اور اس کی باقاعدہ خرید و فروخت ہوتی ہے، بعض اوقات کسی کا پسندیدہ ڈومین نہیں مل پاتا تو وہ کسی اور سے خرید بھی لیتا ہے اور اس پر کوئی پابندی بھی نہیں، لہذا اگر کسی نے ڈومین بیچنے کی نیت سے خریدا تو یہ مال تجارت ہے اور مال تجارت پر شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہوتی ہے۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "مال تجارت اس مال کو کہتے ہیں جسے بیچنے کی نیت سے خریدا گیا ہو۔۔۔مال تجارت کی کوئی بھی چیز ہو جس کی قیمت سونے یا چاندی کے نصاب کو پہنچے تو اس پر بھی زکوۃ واجب ہے۔" (فیضان زکوۃ، صفحہ 39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ

فتوی نمبر:1440

96

مشترکہ پلاٹ میں دو مختلف نیتوں پر زکوۃ

سوال: ایک مکان پانچ مرلے کا دو بہن بھائیوں نے مل کر خرید ابھائی کی نیت بیچنے کی ہے اور بہن کی نیت بیچنے کی نہیں تو زکوۃ کا کیا حکم ہو گا؟

USER ID:عبد الکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بھائی کے حق میں وہ مکان مال تجارت ہے لہذا زکوۃ کی دیگر شرائط پائی جائیں تو بھائی کا اس مکان میں جتنا مرلہ حصہ بنتا ہے اس کی مارکیٹ ویلیو کے حساب سے نصاب کا سال پورا ہونے پر زکوۃ فرض ہوگی۔ علامہ کاسانی فرماتے ہیں:"انہ یعتبر فی حال الشرکۃ ما یعتبر فی حال الانفراد وھو کمال النصاب فی حق کل واحد منھما فان کان نصیب کل واحد منھما یبلغ نصابا تجب الزکاۃ والا فلا"ترجمہ: بے شک شرکت کی حالت میں وہی معتبر ہے جو انفرادی طور پر معتبر ہے اور وہ نصاب کا کامل ہونا ہے دونوں شریکوں میں سے ہر ایک کے حق میں، تو اگر دونوں میں سے کسی کا حصہ بقدر نصاب ہے تو اس پر (اپنے مال کی) زکوۃ واجب ہو گی ورنہ نہیں۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 29)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

14 ربیع الاخر 1445ھ 30 اکتوبر 2023ء

فتوی نمبر:1459

97

شادی کے کپڑوں پر زکوۃ

سوال: شادی کے مہنگے ملبوسات پر زکوۃ ہو گی یا نہیں؟

USER ID:ران عرفان ناظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

لباس چاہے کتنے ہی قیمتی ہوں اگر بیچنے کی نیت سے نہیں خریدے تو ان پر زکوۃ نہیں ہو گی کیونکہ زکوۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے اور جو چیز بیچنے کی نیت سے نہ خریدی جائے وہ مال تجارت نہیں۔ قدوری میں ہے: "الزكاة واجبة فی عروض التجارة كائنة ما كانت اذابلغت قيمتها نصابا" ترجمہ: زکوۃ مال تجارت پر فرض ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت نصاب تک پہنچتی ہو۔

(قدوری، صفحہ 145)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

21 ربیع الاخر 1445ھ 06 نومبر 2023ء

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

فتوی نمبر: 1538

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

98 زکوۃ کی رقم سے کسی کا قرض اتارنا

سوال: قرض دار مستحق زکوۃ ہے اور ایک شخص زکوۃ کی رقم سے قرض دار کا قرضہ اتارنا چاہتا ہے اگر وہ قرض خواہ کو ڈائریکٹ زکوۃ کی رقم دے دے تو اس کی زکوۃ ادا ہو جائے گی؟

سائل: شیراز نواز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

قرض دار اگر مستحق زکوۃ ہے اور وہ کسی کو اپنا قرض اتارنے کا کہتا ہے اور وہ شخص زکوۃ کی نیت سے قرض خواہ کو رقم دے دے تو اس کی زکوۃ ادا ہو جائے گی کیونکہ مستحق زکوۃ کی اجازت ہونے کی وجہ سے قرض خواہ کا قبضہ اس قرض دار مستحق زکوۃ کا قبضہ شمار ہو گا اور زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

بحر الرائق میں ہے: "لو قضی دین الحی إن قضاہ بأمرہ جاز، ویکون القابض کالوکیل لہ فی قبض الصدقۃ کذا فی غایۃ البیان وقیدہ فی النہایۃ بأن یکون المدیون فقیرا" ترجمہ: زندہ شخص کی اجازت سے اگر (کسی نے مال زکوٰۃ سے) اس کا قرض ادا کر دیا، تو جائز ہے (یعنی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی) اور قبضہ کرنے والا (قرض خواہ) مقروض کی طرف سے صدقہ میں قبضہ کے وکیل کی طرح ہو گا۔ جیسا کہ غایۃ البیان میں ہے۔ نہایہ میں اس چیز کی قید لگائی ہے کہ مقروض فقیرِ شرعی ہو۔ (البحر الرائق، جلد 2، کتاب الزکوٰۃ، باب مصرف الزکوٰۃ، صفحہ 261، مطبوعہ بیروت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

16 جمادی الاول 1445ھ 01 دسمبر 2023ء

فتوی نمبر:1761

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی آن لائن

99

مچھلیوں کی زکوۃ

سوال: سی فوڈ پر زکوۃ کا کیا نصاب ہو گا؟

سائل: عبد التواب ڈار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سی فوڈ میں صرف مچھلی حلال ہے، لہذا شرائط پائی جانے کی صورت میں صرف اسی پر زکوۃ ہو گی۔ اگر مچھلیوں کو بیچنے کی نیت سے خرید کر بڑا کیا جاتا ہے تو ایسی مچھلیاں مال تجارت ہیں، لہذا جب یہ مچھلیاں خود یا دوسرے اموال زکوۃ کے ساتھ مل کر ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر پہنچ جائیں تو اس پر شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ لازم ہو گی۔ بدائع الصنائع میں ہے: "اما اموال التجارۃ فتقدیر النصاب فیھا بقیمتھا من الدنانیر والدراھم فلا شئی فیھا مالم تبلغ قیمتھا مائتی درھم او عشرین مثقالا من ذھب فتجب فیھا الزکوۃ" یعنی: بہر حال تجارت کے مال تو اس میں نصاب کو سونے چاندی کی قیمتوں کے ساتھ دیکھا جائے گا تو جب تک ان کی قیمت ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی تک نہ پہنچ جائے کچھ لازم نہیں اور جب اس مقدار کو پہنچ جائے تو زکوۃ واجب ہے۔ (بدائع الصنائع، جلد2، صفحہ 20)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 شعبان المعظم 1445ھ / 12 فروری 2024ء

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

فتوی نمبر: 1760

آن لائن

الرضا قرآن و فقہ اکیڈمی

100

زکوۃ کی رقم سے قبر پکی کروانا

سوال: کیا زکوۃ کی رقم سے کسی کی قبر پکی کروا سکتے ہیں؟

سائل: کنیز فاطمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زکوۃ کی رقم سے کسی کی قبر پکی نہیں کروا سکتے، اگر ایسا کیا تو زکوۃ ادا نہیں ہوگی کیونکہ زکوۃ کی ادائیگی کے لئے کسی مستحق کو مالک بنانا شرط ہے اور قبر پکی کروانے میں تملیک فقیر نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "زکوۃ کا روپیہ مردہ کی تجہیز و تکفین یا مسجد کی تعمیر میں نہیں صرف کر سکتے کہ تملیک فقیر نہیں پائی گئی۔۔ الخ"

(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 5، صفحہ 890)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

01 شعبان المعظم 1445ھ / 12 فروری 2024ء